AR
228

RISALAH-E-MAQSOOD-AL-SALIKEEN

رسالہ مقصود السالکین

Editor :
Dr. A. Zaibunissa. M.A.B.ED. Ph.D.,

GENERAL EDITOR

NATANA KASINATHAN, M.A

Government Oriental Manuscripts Series, No.66

RISALAH-E-MAQSOOD-AL-SALIKEEN

Edited by
Dr.A. Zaibunissa, M.A.,B.Ed.,Ph.D.,
Urdu Pandit
Government Oriental Manuscripts Library, Madras-5.

General Editor
Natana. Kasinathan, M.A.,
Director of Archaeology
Madras-113.

Price: Rs. 81/

©

Government Oriental Manuscripts Library, Madras-5
1995

RISALAH-MAQSOOD-SALIKEEN

GENERAL EDITOR'S INTRODUCTION

The present edition of Risalah-e-Maqsood-ul-slikeen, is a short treatise in Dakhni prose on Islamic mysticism by Syed Jalaluddin alias Yousuf Ali Sha Akmal, consists an interesting and informative short tract in Dakhni prose of Islamic mysticism illustrated with Verses from Quran and explained the Sufistic terminologies in Urdu. This is based on a single restored Government Oriental Manuscripts library Madras under D.No.156 U.Ms. It is a transcribed copy of a borrowed manuscripts from Syed. Order Ali Basha, Fort Street, Cuddapah.

It is a fairly detailed work on Mysticism. The language of this book is very simple and the way of expression is very interesting. The work has been completed in 1296 A.H.

The author of this work was a great theologian. He was very conscious of the spiritual heritage of the Holy prophet, and has expounded the principles of theosophy.

I must thank **Mr.S.P.Ilangovan** I.A.S and **R.Christodess Gandhi** I.A.S Tamilnadu, Govt, for their efforts

My thanks are due to the Curator **Dr.S.Soundararpandian** who has taken great efforts in bringing out this publication; And also to **Dr.A.Zaibunissa,** Urdu Pandit, who prepared the press copy.

NATANA. KASINATHAN
DIRECTOR OF ARCHAEOLOGY

PREFACE

Oriental Manuscripts library possesess a huge collection of manuscripts in several languages such as Sanskrit Tamil, Telugu, Marathi, Urdu, Persian and Arabic.

The present edition of Risalah-e-Maqsood-ul-Salikeen is a short treatise in Dakhni prose on Islamic mysticism by Syed yousuf Ali Sha Akmal. This is based on a single restored manuscript under DNo.156 U.Ms. This work had been completed in 1296 A.H.

The author of this work was a great theologian.

It is a fairly detailed work on Mysticism.

My thanks are due to the former Tamil Development Secretary Mr.S.P.Ilangovan I.A.S. and present Secretary Mr.R.Christodass Gandhi I.A.S. who showed their keen interest in bringing out our library publication. My thanks are also extended to the Director of Archealogy Natan Kasinathan and Dr.A.Zaibunissa who prepared the press copy of this manuscript and corrected the proof.

— Dr.S.Soudarapandian,

M.A.(Tamil), M.A.(Eng),B.Ed.,Dip.in.Skt.,Ph.D.,

Curator.

G.O.M.L. Madras-5.

KNOWLEDGE VERSUS IMAGINATION

— **Dr.S.Soudarapandian,**

M.A.(Tamil), M.A.(Eng),B.Ed.,Dip.in.Skt.,Ph.D.,

Curator.

G.O.M.L. Madras-5.

Every body thinks that knowledge is limited and imangination is unlimited.

It is untrue.

Only the contrary is true.

Knowledge of a man begins even before his birth: It was imbibed in him when the was in womb.

Scientists have recently fround out that a child yawns in wombs. So, when it yawns, a certain understanding (knowledge) will have been acquired by it in regard to its muscles, mouth etc.

On the contrary, a child in womb does not have a chance to imagine.

Whenever a man gets experience (any kind) he acquired a certain knowledge.

So, naturally the acquisition of knowledge is a continuous process, since man has to undergo experiences of various kinds in his life. In this, way, knowledge's limit can not be drawn strictly.

Whereas, for imagination to occur, we need several factors and consequently those factors are said to be, again, knowledge.

For example, for imagination, one needs,

1. Experience (personal)
2. Book knowledge (including other's imaginations)

3. Associating power.

From a single experience, a man can extend it by imagination. So, if that experience, is absent, imagination itself will be absent. He who experiences a lot, imagines much. This is the reason why authors of good experience, write many stories and novels for which imagination is a must.

Bookish knowledge also helps one to image. Through books man acquires knowledge in various components. Each component enkindles in him tremendous amount of imagination. So, if book study is less from a man, his imagination is less, we can say.

For imagination to take place a sort of association is needed. Pune imagination is impossible. If a man thinks about a bus (his past experience), he can think an accident (an imagination). If there is no bus, no bus accident too. In this way, imagination needs something to climb on.

Since birth, man is getting knowledge in many ways. There is no limit. Whether he likes or not, a man possesses knowledge day by day.

But, this is not the case with imagination. Man's effort is needed for imganiation to function. In this way, we can say imagination is limited, while knowledge is unlimited.

Our limited imagination is blatant in the following two cases.

1. Our universe is closed one or open? If it is open, upto which boundary it is open? If it is closed, what is present after the close? Here man's imagination closes. Hence our theory. One day our scientists will render us the correct answer thereby proving knowledge is unlimited and imagination is limited.

2. We are standing on the surface of earth. Scientists say that the earth is rotating. Then why don't we fall when our surface goes to the bottom? 'Because of gravitational force' - Scientists answer. But, here, our imagination suffocates to grasp. Our imaginery power's limit is visibly unstood in this case.

So, if K denotes knowledge, O donotes objects seen, then mathematically,

$K \propto O$

But we connot write so in case of imagination.

Let us further precipitate our theory in the following graph:-



Line A = Knowledge
Line B = Imagination

Knowledge steadily improves as age advances, while this is not the case with imagination. Moreover, imagination line is within the line of knowledge. Hence the limitation of imagination.

GOVERNMENT ORIENTAL MANUSCRIPTS LIBRARY USHERS IN GLORY TO TAMIL NADU.

— Dr.S.Soudarapandian,
M.A.(Tamil), M.A.(Eng),B.Ed.,Dip.in.Skt.,Ph.D.,
Curator.
G.O.M.L. Madras-5.

Government Oriental Manuscripts Library situated on the first floor of the Madras University LIbrary is an invaluable wealth of Tamils which opens new vistas for the knowledge of Tamil and other oriental languages. The following list of dates (before independence) will vindicate this squarely:-

IMPORTANT DATES IN THE HISTORY OF GOVERNMENT ORIENTAL MANUSCRIPTS LIBRARY MADRAS

1783	-	Colonel Colin Mackenzie came to India.
1800	-	Mackenzie collected manuscripts in full swing
1800, 1804	-	Mackenzie gathered Telugu Local Records
1803	-	Dr.Leyden collected Manuscripts
1821	-	Mackenzie died
1828	-	Manuscripts were housed at Madras College Library
1828	-	N.H.Wilson's Descriptive Catalogue of Mackenzie Manuscripts was published.
1836	-	William Taylor prepared Catalogue for Manuscripts.
1844	-	Manuscripts were under the Custody of Madras Literary Society.
1837-1869	-	Library was under the Control of Director of Public Instruction, Madras.
1855	-	C.P.Brown's Collection of Telugu and Sanskrit Manuscripts took place.
1853	-	Again Manuscripts came from London were desposited at College Library.
1862	-	William Taylor's Oriental Historical Manuscripts in three volumes were printed.
1869	-	Institution was organised in the proper structure under the Manuscripts Library.
1870	-	Collections of Manuscripts of Mackenzie, Leyden and Brown were kept at Presidency College, Madras.
1870 to 1895	-	Institution functioned at Presidency College, Madras.
1878	-	Gustav Oppert's Catalogue for 32 volumes of Local Records was printed.

1901	-	Descriptive Catalogue of Sanskrit Manuscripts.Vol.I was printed.
1914	-	Government Oriental Manuscripts Library worked at Egmore Museum Campus.
1916	-	C.O.Blagden's 'A Catalogue of Mackenzie Manuscripts' came out.
1925	-	A detailed G.O. running to six pages was issued for the institution by the State Government.
1938-1941	-	Government Oriental Manuscripts Library was brought to the premises of Madras University, Madras-5.
1942-1944	-	Government Oriental Manuscripts Library was shifted to Venkateswara Oriental Research Institute, Thirupati (A.P.)
1945	-	Again Government Oriental Manuscripts Library started functioning from the premises of Madras University.

WHY THE FLUTE IN COWHERD'S HAND?

— Dr.S.Soudarapandian,
M.A.(Tamil), M.A.(Eng),B.Ed.,Dip.in.Skt.,Ph.D.,
Curator.
G.O.M.L. Madras-5.

In old literatures and paintings one can see cowherds holding flutes in their hand.

Many are under the impression that the cowherds by so playing on flutes simply kill the time at his disposal while grazing cattle.

An Indian literature, Ahananuru unfolds the age-old riddle in the following words:-

"Karvaip pallinam puravudoru Uhalak
Kuzhalvai vaittanar Kovalar"

(Aham.354)

The meaning is this; "When the cattle started to run about the forest hither and thither wildly, the cowherd took the flute to calm down them and brought under their control".

Ahananuru, a treatise in Tamil Sangam literature belongs to 2nd Century B.C.

Now, it goes that the Indians had known the tremendous power of the melody of the musical instrument, flute, two thousand years ago.

The conscious command of the Indian folk over a musical instrument subduing the animals two thousand years ago will flabbergast the entire world of music.

Not only such simple art realms are possible, but scintillating art froms and formats could be developed in the arena of script art.

Script art can be swimmingly made use of in border designs, envelope linings, making captions to books, shaping tiny ornaments and in many other fields, in conformity our prestigious cultural heritage.

Scientifically, a line is nothing but joining up of uncountable dots (full stops). And our ancestors had elongated their full stops into a line in many manuscripts.

The greatness of the impact of this script art lies in the truth that people nurture enormous tender feelings in their bosom for their own script. As a result, the very sight of the letters of their loving mother tongue, gives unspeakable pleasure to their minds.

The script art is different from artistic script. (Artistic script is blatant in Pallava Grantha in circa 7th C.A.D.)

Since our ancient palmleaves have no foreign flavour, their importance in the path of Indian culture is not fully realised even now. So is the case of the script art.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رسالہ مقصود السالکین

از

تصنیف حضرت سید جلال الدین عرف یوسف علی
شاہ بخاری اکمل قادری چشتی ساکن
علاقہ کڑپہ در ۱۲۹۶ھ نوشتہ شدہ
تاریخ وفات مصنف ع کرچکا
نقل مکان وہ پیشوائے عارفان

۱۲۷۷ھ

بہ تصحیح و ترتیب و تقدیم

از

ڈاکٹر۔ اے۔ زیب النساء۔ ایم۔ اے۔ بی۔ ایڈ۔ پی۔ ایچ۔ ڈی
گورنمنٹ اورنیٹل مانوسکرپٹ لائبریری
مدراس ۵

دیباچہ

اس رسالہ کی نقل گورنمنٹ اورنیٹیل میانوسکرپٹ لائبریری میں ہے۔ شاہ اکملؔ دکن کی علمی اور مذہبی تاریخ میں ایک خاص اہمیت رکھتے ہیں۔

مصنف کی زبان اور انداز بیان نہایت ہی آسان اور عام فہم ہے۔ جہاں کہیں مضمون تفصیل بحث ہے حاشیہ میں مستند کتابوں سے حوالے دیئے گئے ہیں۔ تصوف کے مختلف موضوعات پر تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔ مصنف کا بیان ہے کہ تصوف محض علوم ورسوم کا نام نہیں بلکہ یہ ایک خاص اخلاق کا نام ہے۔ صوفی کا مقصد یہ ہے کہ قلبی واردات کے ذریعے خدائے واحد کی معرفت حاصل کرے اور تصوف قوت ارتقاء کا ضامن ہے۔

غرض اس رسالہ کی طباعت کے لئے میں ٹمل ناڈو گورنمنٹ کی تہہ دل سے شکرگذار ہوں۔

ڈاکٹر زیب النساء۔ ایم۔ اے۔ بی۔ ایڈ
پی۔ ایچ۔ ڈی

رب یسر — بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥ — وتمم بالخیر

بعد حمد خدائی لوح و قلم — جس سے پایا نمود نقش عدم
جسکو کہتے ہیں احمد بے میم — جس کی درگہ ہی واجب تعظیم
جو سبب ہے ظہور عالم کا — عرش و کرسی ملایک آدم کا
اسپر اکملؔ درود پڑھتا جا — آگے ایک ایک قدم تو بڑھتا جا
آل و اصحاب پر بھی اسکے سلام — بھیج اور کر شروع اپنا کلام

اَعُوذُ - پناہ مانگتا ہوں میں

باللہ ساتھ اللہ تعالیٰ کے

مِنَ الشَّیطَان - دیو ایسیکہ سرکش سے

الرَّجِیم - ایسا دیو جو سنگسار کیا گیا

بسمِ اللہ - شروع کرتا ہوں میں نام سے اللہ تعالےٰ کے

الرحمٰن - ایسا اللہ جو روزی پہچانے والا نیک و بد کے تیئں بیچ دنیا کے

الرحیم - ایسا اللہ جو بخشنے والا نیک و بد کیتئں اور

اور خاص کر مسلمانوں کے گناہوں کا اور لیجانے والا بیچ جنت کے۔ مخصوص مومنوں کے تیئں تمام سرہانا اور صفت کرنا کسی تھا۔ کرنے والے سے ہووے ازل سے ابد تک سزوار اور ثابت ہے اللہ تعالیٰ کیتئں ایسا اللہ تعالیٰ جو صاحب لوح و قلم کا اور رحمت کاملہ اور درود زائید ہو جو اوپر رسول اکرمؐ اسکے اور اوپر آل اور اولاد اور اصحاب انکے ایسے جو محتشم اما بعد کہتا ہے۔ فقیر ایسا کہ حقیر شاہ جلال الدین اکمل عاصی غلام حضرت شاہ کمال اللہ چشتی کا قدس سرہ وعفی عنہ التقصیر بعض ۔ دوستاں سے سائل ہوئے کہ مرتبہ غیب ہویت اور احدیت میں کیا فرق ہے۔ بیان کرو۔ اس لئے یہ رسالہ ورقی لکھا گیا۔ تاہر

طالب کو فرق ان دو مرتبہ کا سہل طور سے معلوم ہوئے ۔ واللہ المعین اور اللہ تعالی مددگار ہے ۔ وبہ نستعین اور ساتھ اُسکے طالب مدد کرتے ہیں ۔ ہم ای دوستو اس بیان کیتن گوش ہوش سے سنو ۔ اور اس موتیوں کیتن صدف میں سینے کے رکھو ۔ فرق غیب ھویت اور احدیت کا یہ ہے کہ غیب ھویت مرتبہ اللہ تعالی کی ذات کا ہے ۔ جسکو کنہ ذات کہتے ہیں ۔ اس رتبہ کی کیفت پوچھنے میں فہم انبیا اور اولیا کا عاجز اور قاصر ہے ۔ غیب کا معنٰی چھپا ہوا اور ہویت کا معنٰی ذات یعنی اس مرتبہ میں جب صفتان مخفی ہوی تو ذات ہوئی ۔ کس واسطے کہ اس مرتبہ میں عینیت اور غیریت اسم اور رسم اور نعت اور تنزیہ اور تشبیہ ۔ سب مخفی ہیں ۔ یعنی کوئی قید نہیں پایا جاتا ہے ۔ کسے نوع کا کسی واسطے کہ اس مرتبہ کو مطلق بولتے ہیں ۔ یعنی اس مرتبہ میں نہ قید تنزیہ کا ہے نہ تشبیہ کا ۔ اگر تنزیہ اور اطلاق کا قید لگاویں ۔ تو یہ بھی ایک قید ہو ۔ پس اُسکو مطلق اور بے قید نہ کہا جائیگا ۔ کیونکہ مطلق مطلق کا معنی ایک ذات پاک اور بری ہونا تمام اعتباروں سے اور صفتوں سے یہاں تک کہ قید سے اطلاق کے بھی یہ مرتبہ پاک ہے ۔ کیونکہ فقط اطلاق کا قید لگاویں ۔ تو بھی مفید ہوا کس واسطے کہ اس مرتبہ میں صفتان سب مخفی ہیں ۔ اور ذات غیب سے آپنے سے آپ اس مرتبہ کو مرتبہ تنزیہ اور تشبیہ اور اطلاق کیونکر کہا جاویگا ۔ یہ مرتبہ ذات کا ہے ۔ عالی اور متعالی اور مُنقَطعُ الاِشارَاتُ وَ البشارت بلندی شان اور بلندی مکان اس مرتبہ کے یعنی کہلاتا اسکو مرتبۂ تنزیہ کا اور اطلاق کا بھی ایک قید ہے اور تنزیہ اسفل ہی نظر کرتے بلندی اور عظمت شان مرتبہ غیب ہویت کے بلکہ بیچ اس مرتبہ کے جز ذات کی ذات کو نہیں کیا دخل اعتبارات کو اور یہ مرتبہ ذات کو کہتے ہیں ۔ وُجودٌ مَحضٌ صِرفٌ بحتٌ سۃ (یعنے ہست ایسا کہ خالص) اور اور اَلذّاتُ مَجھولَۃٌ اَبداً (ہستی خالص) ذات نہیں بوجی گئے ہی ہمیشہ قَولُہٗ تعالیٰ وَیُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ نَفسَہٗ اور ڈراتا ہے تمھارے تیئں اللہ تعالی پچھانت سے اپنے ذات کے کیونکہ دراک بالکنہ ممکن نہیں ہے ۔ حتی انبیاء اور اولیاء سے اور ادراک یا بوجہ جائز ہے اور اوپر اس مرتبہ کے دوسرا کوئی مرتبہ نہیں ۔ بعد اُس مرتبہ کے مرتبہ احدیت کا ہے ۔ یعنی ایک ذات مطلق ہر قید سے منزہ اور مجرد تمام اعتباروں سے اور نسبتوں سے سوائے قید اطلاق کے کیونکہ اطلاق یہاں ثابت ہوتا ہے ۔ اور یہ مرتبہ تنزیہ کا ہے ۔ یعنے وجُودٌ بحتٌ باعتبارِ الاطلاقِ اُحدیۃٌ وجود ایسا کہ صرف باعتبار اطلاق کے اور تنزیہ کے احدیت ہے ۔ اور وجود محض باعتبار علم ذات کے وحدیت ہے ۔ اور واحدیت ظاہر وحدت کا اور احدیت باطن وحدت کا اور وجود باعتبار علم ذات اور علم صفات کے واحدیت ہے ۔ اے عزیز افرق غیب ہویت اور احدیت کا لفظ سے ظاہر ہے ۔

غیب ہویت کی معنی ذات غیب ہے ۔ جب ذات غیب ہو تو آسکو نہ مطلق کہا جاتا ہے نہ مقید ۔ کچھ نہ کچھ سراغ پاوینگے تو مطلق منزہ بولینگے ۔ جب ذات غیب ہوگئی تو اُسکو کیا بولا جائیگا ۔ کوئی حکم اُسپر نہ کہا جائیگا ۔ اگرچہ سب اسم اور رسم اور نسبتان اور صفتان اور اعتباران اُسی مرتبہ میں متعین ہیں ۔ جیسا کہ دودھ میں دہی اور چھاچھ اور مسکہ اور گھی باطن ہیں ۔ لیکن جب تک دودھ دودھ ہے ۔ کوئی صفت اور نسبت اور اعتباری دہی کی یا چاچھ کی یا مسکہ کی یا گھی کی نہیں پائی جاتی ۔ فقط دودھ اپنے میں ہے پنے میں ایسا مست و بیخبر ہے کہ میں دودھ ہوں کر کر نہیں جانتا ۔ (یعنی دودھ جب تک دودھ رہتا ہے ۔ اپنے صفات کو نہیں جانتا ہے مست و بیخبر رہتا ہے) ایسا ہی مرتبہ غیب ہویت کا صفت اور اعتبار سے برتر ہے ۔ اور احدیت یعنی ایک پنا ایسا جو کسی چیز میں نہ ذات میں نہ صفات میں کوئی شریک اُسکا ہوے ۔ پس احدیت میں ایک پنا ایسا کہ خالص پایا گیا ۔ جو اوسکو کسی نوع کا قید نہیں پایا جاتا ہے ۔ مگر ایک قید تنزیہ کا کیا معنی کہ ایک ذات منزہ اور واحد مبرا تمام قیود قید کی جمع) اور اعتبارات سے یہاں پائے گئی ۔ پس یہ مرتبہ غیب ہویت کے نام اس قوم کے اصطلاح میں اتنے ہیں ۔ گنج مخفی اور مرتبہ ۔ لاتعین اور مرتبہ غیب الغیوب اور وجود محبت اور مجہول النعت اور عین کافور اور ذات ساذج اور منقطع الاشارت اور منقطع الوجدان اور غیب ہویت اور عین مطلق اور ذات بلا اعتبار اور مرتبہ ہویت اور عین مطلق اور ذات بلا اعتبار اور مرتبہ ہویت اور مرتبہ عمی اور مرتبہ اضمحلال اور مرتبہ وراء الورا ثمہ وراء الورا اور رفیع الدرجات اور سوا لے اسکے اور بعد اُس مرتبہ کے مرتبہ احدیت کا ہے ۔ اور وہ عبارت ہے اطلاق ذاتی اور تنزیہ سے ساتھ سلب صفات کی اور ساتھ تجرد کے اضافتوں سے سوائے اعتبار اطلاق کے کیونکہ اطلاق ثابت ہوتا ہے ۔ بیچ اس مرتبہ کے یعنے ۔ وُجُودٌ بحتٌ باعتبارِ الاطلاقِ اُحدیتٌ وَوُجُودٌ بعلمِ ذاتہٖ وصفاتہٖ واحدیتٌ وَوُجودٌ باعتبارِ علمِ الذّاۃِ فقطّ وحدۃٌ تو کہ علم عبارت ہے حاصل ہونے سے ایک شئے کی صورت کے مطلقاً یعنی بغیر شرط کوئی شئے کے اور وہ دو قسم پر ہے ۔ تصور تصدیق اور تصور ادراک ماہیت کا ہے ۔ اور تصدیق حکم ہے اور حکم یا سلبی ہے ۔ جیسا کہ زید عالم نہیں ہے یا ثبوتی جیسا کہ زید عالم ہے ۔ اور حصول صورت شئے کا ساتھ حکم سلبی کے بشرط لاشئے احدیت ہے ۔ کیونکہ بیچ اس مرتبہ کے کوئی اعتبار اور کوئی شئے شرط نہیں ہے ۔ اور حصول صورت شئے کا ساتھ حکم ثبوتی کے بشرط شی واحدیت ہے ۔ کیونکہ بیچ اس مرتبہ کے ثابت ہوتے ہیں تمام اعتبارات اور مقصود اس جگہ حصول صورت شئی سے دراکہ ذات کا ہے ۔ ساتھ ذات کے اور غرض حکم سے احدیت اور واحدیت ہے ۔ پس اعتبار

احدیت کا ہے۔ ساتھ حلم سلبی کے اور اعتبار واحدیت کا ساتھ حلم ثبوتی کے اور اعتبار احدیت کا ہے ساتھ مطلق علم کے اور اس جگہ اشکال وارد نہ ہوگا۔ اس طور سے حکم سلبی نہیں مقدم ہوتا ہے۔ اوپر حکم بثوتی کے کیونکہ یہ بات باعتبار فہم اور دریافت ہمارے ہے۔ اور ثبوت وحدت کا نہیں ہوتا ہے۔ مگر درمیانے دو نسبت کے جیساکہ ثبوت علم کا درمیانے عالِم اور معلوم کے اور ثبوت عشق کا درمیانے عاشق اور معشوق کے اور احدیت بشرط لاشئی مقدم ہے۔ اوپر وحدیت کے اور واحدیت بشرطِ شئی آخر ہے۔ وحدت سے اور غیب ہویت لابشرطِ شی مقدم ہے۔ اوپر احدیت کے۔ غایتہٗ مافِی البَاب۔ یہ کہ عارفان ذات عالی۔ مُبْہمہٗ۔ غیب ہویت اور بشرطِ شے کہتے ہیں۔ اور اُس ذات کیتئں ساتھ قید تنزیہ کے احدیت اور بشرط لاشے کہتے ہیں۔ اور ساتھ عِلم صرف کے سوائے غلبہ ظہور اور بطون کے وحدت اور لابشرط شئی کہتے ہیں، یعنی منم اَبِي میں موجود ہوں اگر لحاظ کیا جاوے بیچ اوس علم کے نسبت بلندی کی۔ یعنے تنزیہ اور اطلاق کے وہ احدیت ہے۔ اور اگر لحاظ کیا جاوے ذات صفات کے پس وہ احدیت ہے۔ وجود مطلق ابحت احدیت ہے اور وہی وجود ساتھ قید علم اَنَانیت کے وحدت ہے۔ اور ساتھ قید قلم کے اور صفات کے واحدیت ہے۔ اور عارفاں اپنے اصطلاح میں اس مرتبہ وحدیت کو تجلی اول اور یقین اول

آ-ایسا کہ خالص ص

اور علم ذاتی اور رَابطہ بَینَ اَلظہور و اَلبُطوْن اور مرتبہ اجمالْ اور حقیقت محمدیؐ اور برزخ البرازخ اور جب حقیقیؐ اور جب ذاتی اور مقَام او ادنیٰ اور رسوائی اسکے مقرر کئے ہیں۔ (کہتے ہیں) جسوقت وہ موجود مستقل بوجھا اپنے کو منم کر کے یعنے میں ہوں کر کے پس بیچ اس علم کے پائے گئے ہیں۔ تین مرتبہ اول عالَم سو احدیت دوسرا علم سو وحدت کے پائے گئے ہیں تین مرتبہ اول عالم سو احدیت دوسرا علم سو وحدت تیسرا معلوم سو واحدیت واحدیت کو برزخ ثانی یقین ثانی علم ثانی حقیقت انسانی اور حقیقت آدم اور مرتبہ تفصیل اور قابُ التَوحْدتِ فِی قوسین الاُحَدیت اور وحدت عین دو طرف کا ہے یکطرف اُسکا احدیت، دوسرا طرف واحدیت یکطرف کو ظہور اور ایک طرف کو بطوْن کہتے ہیں۔ اور ایکطرف کو اطلاق اور ایک طرف کو تقید اور ایک طرف کو تنزیہ اور ایک طرف کو تشبیہ اور ایک طرف کو تجردؔ اور ایک طرف کو تعلق کہتے ہیں۔ اے طالبو! اتنا بیان بس ہے سمجھ بوجھنے کو کہ اَلعاقلُ تکفیدہٗ الاِ

شارَۃٌ دانا کو ایک اشارہ کفایت کرتا ہے۔ اور زیادہ دلائل اور مسائل اور اقوال لانا موجب درازی کلام کا ہے۔ موافق حدیث صحیح کے ماقلِ وَدَلِ اَحسَن القولِ اولکلام یعنی جو چیز کے تھوڑی ہووے اور معنی زیادہ رکھے بہترین کلام وہی ہے۔ واَللہُ یھدی مَن یشاءُ اِلیٰ سَواءَ السبیل ء اور اللہ تعالیٰ راہ راست بتلاتا ہے جس کیتئں کہ چاہتا ہے۔ بیت

اُکملاانِ کنُتُ محتاج الذلیل
حسبُکَ اُللہ اُلغَنِی نِعم الوکیلِ

مَعنی عَربی بیت کی یہ دکھنی بیت میں بولا گیا ہے۔

پس ہے تیرے تیئں اللہ غنی نیک وکیل
اگرچہ ای اکمل غمگین ہے تو محتاج وذلیل

بطفیل محمد عربی

ختم پایار سالہ ورق
عربی سے تھا ایک ورق یہ تمام

ہوا ہندی میں اتنا طول کلام
یہ رسالہ جو کوئی یاد کرے

جسکو اللہ بامراد کرے
وبدل یہ دعا خدا سے کرے

بطفیل محمد عربی
ختم پایار سالہ ورقی

عربی سے تھا ایک ورق یہ تمام
ہوا ہندی میں اتنا طول کلام

یہ رسالہ جو کوئی یاد کرے
جسکو اللہ بامراد کرے

وبدل یہ دعا خدا سے کرے
اور یہی عرض مصطفی سے کرے

اکمل آپنے صنم سے واصل ہو
شمع روشن مراد حاصل ہو

بخش اکمل کو ای غفور رحیم
گرچہ ہے لائق عذاب جحیم

تمت تمام شد

باتمام رسید سنہ ۱۲۹۶ھ ہجری مقدسہ بماہ ذیقعدہ چوتھی روز دوشنبہ ف خلق آدم علےٰ صُورِیدِ خدا نے میری صورت سے آدم کو کیا ہوں کر کر فرمایا بندہ وجود کے رو سے عیں خدا ہے تو بندہ لوجہ اللہ ہو رسمی یکہ الف کیا اللہ ہوا۔ یہی لام کیا لو لاہوا پھر لام دوسرا کیا تو اَہٗ ہوا ء الف کیا تو ہوہ۔ ہو ضم ہوا تو بیچوں بیچگوں نہ بے شبہ بے نمونہ ہوا۔

الغیب علے غیبی ھو غائب ۲۱

یاحافظ یاناصر

رب یسر   **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**   وتمم بالخیر

کروں حمد خدا بہ دم[1] ہے کہاں   بہ لب ولہجہ[2] اور یہ فہم ہے کہاں

کسطرح یہ شمار قم ہونا   دست اور لوح اور قلم ہونا

ایسا دست اور دوات وخامہ کہاں   وہ سکت یہ سیاہ[3] نامہ کہاں

ہے بس یہ ثنا کا بام[5] بلند   کیوں وہاں پہنچے فکر کا یہ کمند[4]

یاں زباں قلم[6] قلم[7] ہوے   رکے دم اور بند قسم ہوے

ہم کو کرنے ثنا زباں کہاں   منہ میں یہ طاقت وتواں ہے کہاں

اُو سکی ہے اوسیکو ہے ثنا لایق   اس سے ہے کوں سی ثنا فائق[8]

جبکہ فرمایا دین[9] کا مالک   ماعرفناک[10] حق معرفتک

نہ تو ادراک[11] ذات ہو ہم سے   نہ بیان صفات ہو ہم سے

ذات سے کب ہیں وہ صفات جدا   نہ نیک رو صفت سے ذات جدا

۱- نفس وسخن وہنگام وغیرہ ۱۲

۲- محاورہ وآواز خوش

۳- عاصی وفاسق وگنہگار وظالم وبدکار

۴- پھندہ وغیرہ

۵- پہاڑی ودیوار

۶- خامہ

۷- تراشنا

۸- فوقیت رکھنے والا

۹- رسول اللہؐ

۱۰- نہیں پہچانے ہم جیساکہ حق تیری پہچانت کا ہے۔

۱۱- پانا

ذات سے ہے یہ سب ظہور صفات   نور سے ذات کے ہے نور صفات

(صفت میں ذات عین صفت)   (وجہ وجہت وسبب وباعث وسافتگی)

ہے صفت عین ذات اعی اکملؔ   ذات عین صفات اعی اکملؔ

(تخلص مصنف)   (تخلص مصنف)

جب نہ وہ ہم سے حمد یزدانی   کیوں ہو نعت حبیب رحمانی

(ای باری تعالیٰ)

کیونکہ ہے وہ تو نور خالق کا   ہے وہ پہلا ظہور خالق کا

(یعنی محمد پہلے ظہور ہیں خالق کے)

ذات معشوق ذات عاشق ہے   بل مخلوق عین خالق ہے

ہے عرب پر ہے اپنے رب کا عین   اس لئے بولا ہوں عرب بے عین

(یعنی عرب ہوں بغیر عین کے کرکے فرمائے)

سن سدا یہ رسول برحق کا   من رانی فقد رائے الحق کا

(آواز)   (جو مجھے دیکھا وہ دیکھا رب کو)

بھیج صلوات بس کرا ے کملؔ   اللھم علیہ سلم وصل

(ای اللہ میرے بھیج اوپر آپکے سلام اور درود)

نہ ہو جب نعت احمد مرسل   ہوے کیوں مدح مرشد اکملؔ

کیونکہ ہے وہ ظہور نور نبیؐ   ھے ظہورِ خدا ظہور نبیؐ

۱- چیز وغیرہ کی صورت لیکر خواب میں دکھائی دیتا ہے تو جواب یہ ہے کہ ہاں سچ ہے لیکن حضور پر نور کی صورت پر ہیں آتا کیونکہ شیطان ناپاک ہے۔

مجھے دیکھا پس وہ دیکھا حق کو۔ معنی دیگر یہ ہے کہ خواب میں جو حضرت کو دیکھا سچ دیکھا۔ کوئی سوال کرتے کہ شیطان بھی ہر ایک چیز وغیرہ کی صورت لیکر خواب میں دکھائی دیتا ہے۔ تو اُسکا جواب یہ ہے کہ ہاں سچ ہے۔ لیکن حضور پر نور کی صورت پر نہیں آتا کیونکہ شیطان ناپاک ہے۔

نقط نور نبی کو کہتے ہیں۔ یعنے مرتبہ وحدت کو مرتبہ وحدت کا پر تو دل ہے۔

بالکسر بنوع خاص خود: ربکے نمودن ۱۲

ہے وہ ایک جلوۂ جمال اللہؐ   نام پایا ہے شہ کمال اللہؐ

پیر ہے کب جدا پیمبر سے   ذرہ روشن ہے مہر انور سے

ایک ہیں یکرو سے ماہ اور خورشید   ہمیں مرشد سے پائی ہے یہ بھید

حق سے ہے کب جدا وہ حق آگاہ   جَعَلَ اللہُ جَنّتہٗ مَشوٰاہٗ

(کرڈالے اللہؐ جنت میں گھر اُسکا)

نہیں مخلوق سے جدا ہے خالق   خلق کے ساتھ ہے سدا خالق

لی سیاہی نے صورت نقطہ   نقطہ ہر حرف ہے عجب نکتہ

سالم نقطہ کے سب سیاحی ہے   بلکہ خود نقطہ روشنائی ہے

(سیاہی)

نقطہ ہر حرف حرف کے ہے ساتھ   نہ تو داخل ہے اور نہ خارج ذات

نقطہ واحد ہے پر ہے شامل جمع   نہ تو خارج ہے اور نہ داخل جمع

نقطہ نور نبی وہی دل ہے   یہی ارشاد پیر کامل ہے

(ظہور علی کو کہتے ہیں)

نقطہ نور نبی کو کہتے ہیں   نور جلوہ علی کو کہتے ہیں

ہے سیاہی مثال ذات سمجھ   الف و باو تا صفات سمجھ

ہے تعقل کے رو سے ذات جدا   اور صفت ذات سے یہ بات جدا

یاں تو رب رب ہے بندہ بندہ ہے   ذات اُسکی ہے پاک یہ گندہ ہے

ذات بندہ کی نیست اور وفانی   جسکو کہتے عدم ہے امکانی

ذات اللہؐ وجود مطلق ہے   ھی وھی ہست یہ سخن حق ہے

(سچ و درست)

علم میں عیاں نہاں و عین میں، ہستی عیاں

خلق و حق معقول و محسوس اسمیں شک و سین نہیں

سیاہی ابدائی نور ذات است   در دو سر چشمہ آب حیات است

پر زروبی ظہور ہے بیشک   نقطہ و حرف اور سیاہی ایک

نقطہ و حرف سب سیاہی ہے   نور حق مہ سے تا بماہی ہے

یاں خدا بندہ اور بندہ خدا   یہ نہ اُس سے نہ وہ ہے اِس سے جدا

شیخ اکبر سے بھی ہے یہ منقول   حق ہے محسوس خلق ہے معقول

(جس میں آنیوالا)

حق ہے وہ جس میں جو کہ آتا ہے   خلق جو عقل میں سماتا ہے

یارو ہے یہ سخن بہت باریک   اس جگہ شمع عقل ہوتا ایک

ہمیں جو منظور خواجگانِ چشت   وہ تو لاریب ہونگی اہل بہشت

ان پہ العِلم نقطہ کا راز   کھول دے وینگی خواجہ بندہ نواز

مصنفؒ نے فارسی میں چند اشعار کہتے ہیں۔

ای جلوہ اول الٰہی   نور نہ تو ماتہا بعاہی

اشیا ہمہ چوں نقوش ارقام   تو نقطۂ وذات حق سیاہی

کریں بیت از افضل است   ای مرکز دور ہفت جدول

گرداب بین موج اول   ایں بیت اللہؐ کے برگہ است

مناجات

جناب رسولؐ مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے

عرض ہے یہ حضور انور سے　　تیری درگاہِ پاک برتر سے
شاق ہے مجھ پہ ہجر دلبر کا　　چمن ناز کی صنوبر کا
سرو گلزار جسکا قامت ہے　　جس سے اس حل پہ ایک قیامت ہے
بیٹھا سینے میں جسکا خنجر ہے　　رگ دل بیچ نوک نشتر ہے
اُسکی ابرو کا ہم خو خم دیکھا　　مکہ جا مسجدِ حرم دیکھا

(نقشہ)

حاجئ دل نے بولا اے گمراہ　　کرلی حج ہے یہی تو بیت اللہؐ
قد ابرو کے نیچے صاد ہے آنکہ　　کج نگاہی کو کہیے جسکی ہے بانکہ
چہرے پر ہے بہت چمک جسکی　　منہ پہ سونے کی ہے دمک جسکی
دل کہا دیک وہ دور خسار یں　　ہمیں چمن میں دو گنبد یہ پیار یں
آنکہ اور ناک میں ہے لاثانی　　لکھ سکے ایسا نقش کیا مانی

(نام مصور کا)

حسن میں کہیے اُسکو بدر منیر　　یہ قدرت کھڑا عجب تصویر
جس کی دوری کی آتش افروزی　　کریں ہر دم میری جگر سوزی
جیسے اس دل کو اسنے چھین لیا　　دل لیا میرا اور دین لیا
کیا کہوں اس دل شکتہ کی　　کیفت میری جان خستہ کی
آتش عشق جب دہک جاوے　　کیوں نہ پہلو سے دل لہک جاوے
چشم کو ہردم اشکباری ہے　　نشتر غم سے دل فگاری ہے
آہ وزاری ہے، بیقراری ہے　　یا نبی وقت انتظاری ہے
کیسی آفت ہے کیا بلا غم ہے　　دور سے دل کے کوئی نہ محرم ہے
کس کو اس درد سے خبر ہے نہیں　　میرے احوال پر نظر ہے نہیں

کوئی رووے تو کوئی ہنستا ہے　　ملک اللہؐ ہے خلق بستا ہے
دل بیداد سے ہے سنگ بھلا　　نہ خدا دیوے ایسے سنگ بھلا
مجھ پہ بے رحم کچھ نظر نہ کیا　　نرم اپنا دل وجگر نہ کیا
ہیں جو بے رحم کچھ نظر نہ کریں　　بہو دیدو نکو اپنے تر نہ کریں
ہمیں تو دے قسم بھی مولا کی　　درگہ خاص حق تعالٰی کی
اُسنے مولا کی بھی نہ مانی قسم　　کیا مجھ پر بہت سا ظلم و ستم
اُس قسم کو بھی اسنے توڑ دیا　　ظلم کے ساتھ دل کو جوڑ دیا
کچھ نہ عاجز کی التجا مانا　　اوسکا ویراں کریں خدا خانہ
اُسکی راحت کو رنج سے بدلا　　لیوے حق اس سنے ظلم کا بدلہ
ایسا کچھ کرے یارسول کریم　　کہ ملے مجھ سے میرا یار قدیم
جسنے مجھ کو کیا فریفتہ ہو　　باری اسنے ہمارا شیفتہ ہو
آہن دل کو اُسکی گرم کرو　　موم کی طرح نرم نرم کرو
ماہ رُخ مہربان ہوجاوے　　ملتفت جان جان ہوجاوے
یا محمد تم اس ستم سے چھوڑاؤ　　اپنے یوسف کو بند غم سے چھوڑاؤ
میری دلبر سے مجھ کو جلد ملاؤ　　یا نبی میری التجا بر لاؤ
آغاز اس رسالہ کا اور یہ بیان سنو　　ای دوستو تم اُسکو بدل اور جان سنو
گنج مخفی کا تھا جو نہاں راز بستہ سر　　گنج عیاں میں کرتا ہوں نیچر عیاں سنو
اے طالبو بوج تم جو سیر کرنے والے سیر　　الی اللہؐ اور فی اللہؐ اور باللہؐ
اور مع اللہؐ کے ہیں واسطے سالکان　　راہ حق کے اور طالبان

دیدار مطلق کے پانچ راہ چار منزل اور ایک مقام مقرر کئے ہیں۔ پانچ راہ یعنی راہ شریعت، راہ طریقتؒ، راہ حقیقت، راہ معرفت اور راہ وحدتؒ (پانچ راہ جو کہے مقام کو جدا جدا نہیں ہیں بلکہ اُس سے مراد یوں ہے کہ ایک ایک منزل کو ایک ایک راہ مقرر کئے ہیں۔ چار منزل کے جار راہ ہوئے۔ مقام کو پہنچتے تک ایک جملہ پانچ راہ ہوئے)

چار منزل منزل ناسوت، منزل ملکوت، منزل جبروت اور منزل لاہوت، ایک مقام مقم قرب۔ اے طالبو اس بیان کو بغور اور تامل کان سے قبولیت کے سنو اور موافق سننے کے عمل کرو۔ اول راہ شریعت یعنی اس ظاہر کے تن سے عبادت کرنا۔ دوسری راہ طریقت دل سے عبادت کرنا تیسرے راہ حقیقت جان[1] سے عبادت کرنا۔ چوتھے راہ معرفت یعنی پہچانت اور دیدار حق سبحانہ کا یعنی حق سے حق کو دیکھنا جیساکہ حدیث شریف میں آیا ہے عرفتہ رَبّی بِرَبّی وَرَایتُ رَبّی بِرَبّی (یعنی پہچانا میں رب کتیئں میرے ساتھ کے اور دیکھا میں رب کتیئں میرے ساتھ رب کے۔ بیت

شریعت تن سے کرنا بندگی ہے — طریقت راہ دل دہ چندگی ہے

شریعت میں بجالا حکم ظاہر — طریقت کب شریعت سے جدا ہے

شریعت پر جو کوئی ثابت رہیگا — حقیقت کا تو بھید اُسپر کھلے گا

جب کوئی پاکی کریگا ظاہر حق کرے پاک تیرا باطن بھی شریعت کو یک ظاہر ہے اور یک باطن ہے ظاہر شریعت کا پنچ بناء[2] اسلام ہے۔ یعنی اول منہ سے کلمہ صحیح پڑھنا اور دل سے اُسکی معنی کو سچ کر جاننا۔ اور نماز پانچ وقت کی کرنا۔

اور روزہ رمضان کی رکھنا۔ اگر مالدار ہو تو زکواۃ دینا اور کعبہ کو جاکر حج کرنا۔ جو کوئی ان پانچ فرائض پر قائم رہے گا۔ مومن ہے۔ شریعت کا۔ اُسکو شریعت رسمی بولتے ہیں۔ اور باطن شریعت کا ذکر جلی ہے۔ اول سالک راہ شریعت ساتھ ذکر جلی ہے۔ اُسکو شریعت عینی بولتے ہیں۔ اول سالک راہ شریعت ساتھ ذکر جلی کے طے کرکے منزل ناسوت کو پہنچنا۔ ذکر جلی اسکو بولتے ہیں جو طالب اول مرید ہووے۔ اور مرشد سے حکم ہوئے اسم ذات کا یعنی اللہ لام الف کو ذرا کھینچ کرہ کو خوب ظاہر کرکر زبان سے ظاہر کے تن کی ذکر کرے۔ ہر وقت ہمیشہ نیچے کے دم کے ساتھ بھی اللہ بولے۔ اور اوپر کے دم کے ساتھ بھی اللہ بولے تا تمام بدن کو اُسکے اثر پہونچے۔ اور جھٹکا کا دل کو پہونچے اور دروازہ دل کا کھل جاوے۔ بیت کھڑی، بیٹھی، اوٹھی، لیٹی پہ یعنی بہر حا مقرر بول اللہ اللہ، اللہ اللہ چڑتے دم بولنا اللہ اللہ

[1] ازجان مراد اینجا روح است   [2] اہم واجبات وسنن اسلام

اوترتے دم بولنا، اللہ اللہ پلک مارتے وقت بولنا اللہ اللہ آنکھ موندتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ آنکھ کھولتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ بولتے ہوئے اس نظر سے جو کہ دستا ہے دیکھا۔ اللہ اللہ بولتے ہوئے اس کانوں سے سنا۔ اللہ اللہ بولتی ہوئے اس ناک سے بوسونگھنا۔ اللہ اللہ ہاتھ ہلتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ پاؤں سے چلتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ ہاتھ باسن میں ڈالتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ نوالے بناتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ نوالہ منہ میں ڈالتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ نوالہ چابتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ نوالہ نگلتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ پانی کا پیالہ ہاتھ میں لیتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ پانی گھٹ گھٹ پیتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ چلتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ بیٹھتے اُٹھتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ سیتے پروتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ جھاڑتے جھوڑتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ پڑھتے لکھتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ سوتے جاگتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ سیدھے بائیں کروٹ لیتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ راحت راحت اور فراعت کرتے وقت بولنا۔ اللہ اللہ رواں رواں رگ رگ سے بولنا۔ ساری رات اور سارا دن اللہ کی یاد میں رہے۔ جو کام کرے وہ اللہ کی یاد سے کرے تو بہت فائدہ ہے۔ جو کام بغیر یاد کے کئے تو بہت نقصان ہے۔ یہ ابتداء ذکر جلی کا ہے۔ اور انتہا اُسکی یہ ہے کہ ذکر کرتے کرتے کسی کام میں لگجاوے۔ تو ذکر موقوف نہ ہو۔ اور کام میں خلل نہ ہو۔ بیت تن تو مشغول ہے دنیا میں ہر ایک کار کے ساتھ "دل لگا ہے بھلا دوستو دلدار کے ساتھ"

کام میں ہاتھ یار میں دل رکھ — مت سدا کاروبار میں دل رکھ

خانۂ دل سے غیر کو دے نکال — یار کے انتظار میں دل رکھ

ذکر کرتے کرتے حالت بچہ پن کی یا دیوانگی کی یا حیوانیت کی پیدا ہووے جیساکہ بچہ کھیل میں اور حیوان کھانے پینے میں اور دیوانہ زرہانکنے میں مشغول رہتا ہے دوسرے کام سے خبر نہیں رکھتا ایسا سالک ذکر جلی میں اور اُسکے تعلق میں تمام چیز انسے مست اور بیخبر رہے اور ہر ہر بال بال رگ رگ سے آواز اللہ کا نکلے۔ اور ہر شے سے بھی ذکر حق کا کرتے رہے۔

قول تعالیٰ وَاِن مِّن شَیٍٔ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمدِہٖ نہیں ہے۔ کوئی شئے مگر تسبیح کرتی ہے ساتھ حمد اُس اللہ کے و یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ (اور تسبیح کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی جو چیز کہ بیچ آسمانوں کے اور زمینوں کے ہے) اس ذکر کو نقشبندیہ ذکر سلطانی نام رکھے ہیں۔ جب سالک یوں ذکر جلی تمام کیا تو شریعت اپنی ظاہر اور باطن کے ساتھ تمام ہوئی۔ پس نہایت شریعت کا ابتدا طریقت کا ہے۔ اس ابتدا اور انتہا کو منزل ناسوت کہتے ہیں۔ نو مشتق نسیان سے ہے۔ یعنی سوائے ذکر کے تمام چیزوں

اور حرام کاموں کو فراموش کرے۔ مانند طفل اور حیوان اور دیوانہ کے۔ دوسری راہ طریقت کی ہے طریقت کو بھی ایک ظاہر ہے اور ایک باطن ہے۔ ظاہر طریقت کا بد خصلتوں سے باز رہنا نیک خصلت اختیار کرنا ہے۔

حدیث بُعثتُ لاتمم مکارم الاخلاق (یہ حدیث کی معنی یہ ہے بھیجا گیا میں تا تمام کروں میں بزرگیوں کو اخلاق کے) بیان اس اخلاق کا طول ہے۔ اگر کوئی کیمیائے سعادت کا مطالعہ کرے تو خوب معلوم ہویگا۔ بیت

کیمیائے سعادت ابدی — جو پڑے اس سے دور ہوئے بدی

حاصل یہ کہ بدل کرنا بد خصلتوں کا نیک خصلت سے جیساکہ کوئی بزرگ یہ رباعی فرماتے ہیں۔ رباعی۔

چاہی تو کہ ہو جاوے یہ حل تیرا آئینہ
اس چیز کو کر باہر تا ہووے صفا سینہ
حرص اور حسد، عیب اور منی غصہ
کر ترک حرام اکل اور بخل و ریا کینہ

اور بعض اولیائے اکرام دس مقام سلوک کے بیان کئے ہیں۔ اس طور سے اول توبہ، دوسرا زہد، تیسرا توکل چوتھا۔ قناعت، پانچواں خلوت، چھٹا ذکر، ساتواں توجہ آٹھواں سراقبہ، نواں صبر، دسواں رضا۔ اور اس فقیر کے مرشد حضرت شاہ کمال اللہ چشتی قدس سرہٗ ان دس مقامات کا ذکر ایک رباعی میں جمع کئے ہیں۔ وہ رباعی یہ ہے۔ رباعی۔

خواہیکہ کنی سلوک راہ مولیٰ — اول ز گناہ توبہ باشد دوئی
پس زہد و توکل و قناعت خلوت — ذکر و فکر و توجہ و صبر و رضا

شرح گلشن راز میں فرماتے ہیں تخلقوا باخلاق اللہ۔ یعنی خلق کرو تم ساتھ اخلاق اللہ تعالےٰ کے۔ معنی یہ کہ نیک اخلاق اختیار کرو۔ تم جیساکہ بخشش اور سخاوت اور نصیحت اور علم، شرم اور مہربانی اور وفاداری اور دنیا سے دل کو توڑو۔ زر سے دل کو مت جوڑو۔ جو کچھ کہ مقدر میں ہے وہی ہوتا ہے۔ اس پر برا

نہ مانو۔ اگر حق سبحانہ تعالیٰ کوئے بلا بھیجا تو صبر اور شکر کرو۔ اور جابعد اری نفس مت کرو۔ تکبر سے دور رہو۔ اور عبادت لوگوں کو دکھانے کے لئے مت کیا کرو۔ کوئے بھی نیک کام لوگوں کو دکھانے کے واسطے مت کرو۔ کیونکہ یہ عمل خدا کے یہاں مقبول نہیں ہوتا۔ ہر ایک کام محض اللہ کے واسطے کیا کرو۔ اور ظلم سے دور رہو۔ اور امر معروف بجالاؤ۔ اور حق تعالیٰ جو کرو فرمایا ہے کرتے رہنا بغیر آزردگی کے اور نہی منکر سے باز رہو۔ اور باوجود فقیری کے لوکو میں اپنی تونگری ظاہر کرو۔ اور دل میں خدا کے غیر کے محبت نہ رکھو۔ اور اخلاص، دوستی، صفائے اور راستی اختیار کرو۔ اور ظاہر باطن سے مشغول ساتھ خدا کے رہو۔ فقیری کو اپنی بزرگی سمجھو۔ کیونکہ۔ کیونکہ جناب رسالتماٰب فرمائی ہیں اَلْفَقْرُ فَخْرِي یعنی فقیری میری بزرگی ہے۔ اور پستی، مروت، جوانمردی، پاکی اور عبادت حق کے بغیر دوزخ سے ڈر اور بہشت کی امید کیا کرو۔ اور شریعت پر ثابت قدم رہو۔ اگر کچھ ضرر اور نقصان پہونچے تو خوش رہو۔ اور پرہیزگاری اور صلاح کرو۔ فقیروں پر کرم بخشی کیا کرو۔ عالموں، عارفوں اور ولیوں سے محبت رکھو۔ نصیحت اور خیر خواہی دشمنوں کی کرو۔ سالک کو زہد اور تقویٰ چاہیئے۔ زہد یعنی دنیا کے آرزؤں سے درگزر کرنا یعنی ملک اور مال، مرتبہ، غیرت اور سوائے اسکے جو آرزو دنیا کے ہیں ان سب سے درگذر کرو۔ خدا سے خدا کو چاہو اور دوسری کوئی چیز خدا سے نہ چاہو۔ اور تقویٰ اُسکو کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا۔ ڈرنا عذاب آخرت سے یا ڈرنا نفس سے کہ رہزنی کر کر خجالت، حجاب اور غفلت میں گرفتار نہ کرے وَمَا اُبَرِّئُ نَفْسِي اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ

رباعی۔ ۱۔ لوگ ڈرتے ہیں تیرے سے یارب
۲۔ میں تو ڈرتا ہوں میرے سے یارب
۳۔ کیونکہ دیکھا تو تجھ سے ہے سب خیر
۴۔ نفس چھوڑا حرم لیا رہ دیر
۵۔ نفس چاہے کہ بد کرے مجھ کو
۶۔ تیسری درگاہ سے رد کرے مجھ کو
تو دستگیر میرا ہو "نہ پیمبر نہ پیر میرا ہو"

ولیکن علم سلوک ، علم باطن اور عرفان ہونا مشاہدہ میں غلطی نہ آوے ۔ اور خطرۂ رحمانی اور خطرۂ ملکی کو اور خطرۂ شیطانی اور نفسانی سے فرق کر سکے ۔ اگر ولی کامل ظاہر اور باطن کے تمام علم سے واقف ہو تو نور علی نور ہے ۔ پس ظاہر طریقت کا بد خصلتوں سے باز آنا اور باطن طریقت کا ذکر قلبی کرنا ۔ یعنی ذکر اسم ذات کا ساتھ دل کے دم کو قید کر کے کرو یا قید نہ کر کے اور نہایت ذکر قلبی کا وہ ہے جو سبب سے ہمیشہ کسب اور کثرت کرنے کے دل سالک روشن اور مصفا ہو جاوئے ۔ مانند فرشتوں کے اگرچاہے ایک آن میں کعبہ کو تجا کر حج کر آوے اگر چاہے فرشتوں کے ساتھ ملے ۔ اور بسبب نورانیت کے دل سالک کا اس مرتبہ میں بڑا ہو جاوے ۔ کہ یہ بیت اور بر اُسکے صادق آوے بیت

مرا دل ہے بڑا ایسا جگت میں کیں سماتا نہیں
جگت سب اسمیں سمایا ہے باور کس کو آتا نہیں

لایستعی ارضم ولاآسمائی ولکن یسعنی قلب العبدِ المومنِ (نہیں سماتا ہوں میں بیچ زمین کے اور آسمان کے ولیکن سماتا ہوں میں بیچ دل بندۂ مومن کے اور خطرہ بند ہو جاوے اور وسواس دفعہ ہو جاوئے ۔ فائدہ بوجہ تو کہ مرض دل کے تین ہیں ۔ ایک حدیث نفس ۔ یعنی دل کا دلمیں بات کرنا ۔ قصہ اور اختیار کے ساتھ یا مجلس میں یا مجرے میں یا نماز میں یا باہر نماز کے ۔ دوسرا خطرہ بغیر اختیار اور قصہ کے جو دلمیں آتا ہے اور جاتا ہے ۔ تیسرا نظر ۔ یعنی دل کی نظر غیر پر رکھنا اور وہ پوچھنا تمام اشیاء کا ہے ۔ ان تین مرض سے دل خراب ہو جاتا ہے ۔ پس انتہا طریقت کا رتبہ حقیقت کا ہے ۔ اور یہی ابتد اور انتہا کو منزل ملکوت کہتے ہیں ۔ یعنی حالت فرشتوں کی اسپر وارد ہونا ۔ اور تیسری راہ حقیقت کی ۔ حقیقت کو بھی ایک ظاہر اور ایک باطن ہے ۔ ظاہر حقیقت کا مشاہدہ پیر کی صورت کا روبرو بیچ حضور کے اور تصور اُسکا بیچ خیال کی لحظہ بہ لحظہ سمجھے غیبت میں اس شغل کیئں نقشبندیہ رابطہ کہتے ہیں ۔ اور ابتدء شغل رابطہ کا ظاہر ہے نہایت اسکا فنافی ۔ الشیخ اور بقابالشیخ یعنی مرید اپنے پیر میں فنا ہونا بعد پیر سے بقا ہونا جسوقت اپنی طرف اور تمام چیزوں کے طرف نگاہ کرے سوائی پیر کی صورت کے کچھ نہ دیکھے ۔ یہ تصور کرتے کرتے ظاہر مرید کا فنا ہو کر باطن سے پیر کے باقی ہووے گا ۔ یعنی ذات اور صفات اور افعال مرید کے اپنے سے فنا ہو کر ساتھ ذات اور صفات اور افعال پیر کے باقی ہوونگے ۔ مصرع آنکس کہ نباشد تو عوض باشد از وجیسا ، کہ حکایات بزرگاں کے چناچہ حضرت جیند بغداری اور شیخ شبلی کی حکایت گواہ اس سخن کی ہے ۔ بیت

من نہ جو ہم زبس سپس راہ انشیر "پیر جویم پیر جویم پیر پیر

اور فنافی الرسول اور بقا بالرسول بھی یہی معنی رکھتا ہے ۔ خواہ ریاضت سے یا عنایت سے جیساکہ بی بی عاشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو بسبب اوڑھنے چادرِ مبارک پیغمبر علیہ السلام کے یہ حالت میسر ہوئی تھے اور بی بی زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا ۔ کتیئں بسبب باندھنے عمامہ یا ٹوپی پیغمبر علیہ السلام کے یہ حال میسر ہوا تھا ۔ اور باطن حقیقت کا ذکر روحی ہے ۔ اور باطن حقیقت کی ساتھ ذکر روحی کے طئے کر کر منزل جبروت کو پہونچے ۔ ذکر روحی وہ ہے جو سالک تن کو اپنی پشت آیئنہ کی کرے ۔ یعنی اپنی تیئیں نہ دیکھے ۔ بالکل اپنے کو نکال ڈالے ۔ اور دل کتیئیں اپنے منہ آئینہ کا کریں اور بیچ اُس آئینہ کے روح کتیئں اپنی جو پر توفق کی ذات کا ہے ۔ حق کر دیکھے اور حق کو جانے اور مشغول رہے ۔ مصراع

دلمیں تصور جو کا اُسکو خدا کر دیکھنا " رباعی

مقام روح مجھ پر حیرت آئی	نشان کہنے کو اُسے غیرت آئی
کرامت ہوے ظاہر یہاں تیرے سی	تو گزر جا سن میری سی

تو بیج اس شغل کے ہمیشہ رہ یعنی ذکر روحی اتنی کر جس سے کہ تجھ سے تیری خودی دور ہو جاوے ۔ بیت

اثر تحیُّر محض میں نہ جنوں رہا نہ پری رہی
نہ تو رہا نہ تو میں رہا جو رہی سو بیخبری رہی "

پس یہ بیخودی یہ حیرت اور بیخبری کی حالت اور میں پن کی حالت دور ہونے کو منزل جبروت کہتے ہیں ۔ جو انتہا حقیقت کی اور ابتداء معرفت کی ہے ۔ اب تو پہچان کہ معرفت کیا چیز ہے ۔ حضرت شاہ پربان الدین بیجاپوری والد حضرت امین الدین اعلیٰ کے قدس سرہما ن فرماتے ہیں جو ہماری پیران پیر ہوتے ہین خلفاء میں حضرت محمد حسین بندہ نواز کے ہیں ۔ بوجھ تو کہ ثابت کرنا دو ذات کا اور مسئلہ وحدت الوجود اور کثرت در وحدت اور وحدت در کثرت اور محبت ذاتی اور عینیت اور غیریت اور تجدسوا مثال اور اندراج شئے در شئے اور ہر شئے مطلق اور ہر شئے مظہر اتم اور ضد شی عین شی باوجود ضدیت اور رویت مطلق اور قرب مطلق اور ہمہ اوست اور ایمان حقیقی اور کفر حقیقی اور سوای اوسکی جو مسائل تصوف کے

ہیں۔ موقوف ہے اوپر سننے قال صحیح کے زبان سے مرشد کے جو عین حال صحیح کا ہے اور جامع ہیں۔ ان مسایل کا ظاہر معرفت کے ہیں۔ بوجھ توکہ ثابت کرنا دو ذات کا معرفت کو ضروری ہیں۔ کیونکہ سوائے دو ذات کے ثبوت کے کوئی مسئلہ درست نہیں۔ ہوتا۔ اس واسطے تھوڑا بیان ان مسائل مذکور کا ہوگا۔ موافق حوصلہ اپنی فقیر حقیر شاہ جلال الدین اکمل غلام حضرت شاہ کمال اللہؒ چشتی رحمتہ اللہؒ علیہ کا کرتا ہے۔ عرض خدمت یہ ہے کہ اگر کچھ خطاوخلل تحریر میں اس مقصود السالکین کے واقع ہووے تو سالہ دامان عفو کے ڈھانپو۔ اور قلم اصلاح سے درست کرو۔ کیونکہ انسان ساتھ سہو، خطا اور فراموش کے ترکیب دیاگیا ہے۔ الانسانُ مرکبٌ مَعَ الخطاءِ والنسیانِ مسئلہ دو ذات کے معنی ایک ذات خدا کی دوسری ذات بندہ کی۔ خدا کی ذات صرف وجود ہے۔ اور ہست یعنی عدم العدم اور ذات بندہ کی عدم اور نیست اور نابود اور نین (اُسکی معنی عدم اور نیستی اور نیست اور نابود ہے خدا کی ذات میں) یعنی عدم الوجود اُسکی معنی بندہ کی ذات میں ہے لیکن پایا جاتا نہیں۔ یعنی ذات حق کی ہست اور موجود اور ہے۔ اور ذات بندہ کی عدم اور نیست اور نابود اور نہیں ہے وجود کے معنی موجود بذات موجد الغیر یعنی اپنی ذات سے آپ موجود کرنے والا اور غیر کو اپنے یعنی ذات حق کی۔ آپ سے آپ ہی دور نہیں ہے سو چیز کو ہی بنانے والی ذات خدا کی ہے اور اپنے ہی پن میں محتاج کسی کا نہیں ہے۔ نہ ماں کا نہ باپ کا نہ اور کسی کا۔ آپ سے آپ موجود ہے اور وجود اسکا زیادہ ذات پر نہیں ہے۔ اور ہمیشہ وجود اسکا زیادہ اُسکی ذات پر ہے۔ اور اپنے ہی پن میں محتاج حق کا ہے۔ اور وجود اسکا اُسکو ضرور نہیں ہے۔ اس واسطے اسکو ممکن الوجود کہتے ہیں۔ پہلے بندہ نہیں تھا۔ بعدہٗ حق اُسکو ہے۔ اور موجود بنایا تو ایک وقت میں نہ تھا اب ہی ہوا ہے۔ پھر چند روز کے بعد فنا ہوجائیگا۔ جیساکہ ذات کے رو سے خدا بندے سے جدا اور بندہ خدا سے جدا۔ بندہ کی ذات فانی اور نو پید خدا کی ذات باقی اور قدیم ابداء یعنی خارج میں موجود ہوکر ہمیشہ تھا اور ہمیشہ ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ جیساکہ حضرت مولوی جامی رحمتہ اللہؒ علیہ فرماتے ہیں بیت ذات ہمہ جز وجود وقائیم بوجود

ذات تو وجود ساذج وہستی بحت

ذات بندہ کی نیست ہی دایم

ذات حق کی ہمیشہ ہی قائیم

اصل میں بندہ نیست و نابود

پر ہے حق کے وجود سے موجود

اور حضرت مرشد علیہ الرحمتہ اللہؒ فرماتے ہیں۔ بیت

جنکو اہل شہود کہتے ہیں

ذات دو یک وجود کہتے ہیں

ذات تو دو ہیں مگر وجود بندہ کا ایک ہی ہے۔ جو وجود خدا اور صورت اور تو قسم کے عرض سے بھی برتر ہے کم اور کیف اور اضافت اور این اور پتہ اور وضع، ملک اور فعل اور انفعال۔ بیت

نہ عرض ذات اوست فی جوہر ہرچہ بندی خیال ازاں برتر

مرتبہ تنزیہ میں ان سب چیزوں سے پاک ہے مرتبہ تنزیہ اسکو بولتے ہیں کہ ذات تمام نسبتاں اور اعتبار ان سے جب تک کہ برتر ہے منزہ اور بیچوں اور بیرنگ ہے۔ یعنی ایک ذات بےچگون نہ لے شبہ اس نمونہ اور مرتبہ تشبیہ اوسکو بولتے ہیں۔ جو سب نسبت اور اعتبار اُسکو ثابت ہوویں۔ علمی یا خارجی۔ اگرچہ اپنی ذات کے رو سے ہر شکل وصورت سے مبرا ہے۔ لیکن شہادت میں ہر شکل وصورت سے اور ہر یقین سے ظاہر ہوا ہے۔ تنزیہ کے مرتبہ میں باطن تھا اب ظاہر ہوا ہے۔ قولہ تعالےٰ۔ حُصور الاوّلُ والاٰخرِ والظاہرُ والباطنُ (وہی اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن ہے) ظاہر ہونا سوائے یقین علمی کے باوجود عین کے ممکن نہیں۔ پہلا تعئین ذات کا حقیقت محمدی ہے علم میں اور خارج میں نقش محمدی ساتھ روح اور دل کے اور یہ ظہور حق بصور ممکنات کے پیچ میں کئے۔ (مصنت کہتے ہیں کہ ان ممکنات کے بیچ میں کئے مصلحت اور حکمت ہیں ان سب کا ذکر بہت ہوتا ہے اور یہ مختصر گنجائش اوسکی شرح کی نہیں رکھتی ہیں۔ بڑی حکمت یہ کہ ظہور محض واسطے کمال اسما کئے ہیں اور اپنی ذات سے حق سبحانہ بے پرواہ ہے تمام عالم کی اور اُنکی بندگی کی کچھ حاجت نہیں رکھتا۔ قولہ تعالےٰ اِنَّ اللّٰہَ لَغَنِی عَنِ العالمین۔ آیئنۃ اللہ تفصیل ازروی اشارات کلمہ طیبہ لا میں کم یعنی غیب ہویت جو مراد گنج مخفی سے ہے۔ اللہ کے معنی جاننا علم مطلق یعنے دانش جو مراد حقیقت محمدی سے ہے۔ الا اللہ الا اللہ کے معنی علم تفصیل یعنے . واحدتہ محمد یعنی عالم ارواح۔ روح مطلق جسکو بینش کہتے ہیں رسول اللہؐ یعنی عالم شہادت یعنی دیکھنا۔

اَنَاعِنَ اللہ وکل شئی مِن نُوری یہ تنزیہ اور تشبیہ کا جامع تفضیل دیگر از روے قادریہ **لا** سوا میں
یعنی **الٰہ** سوا میں شاہد محمد یعنی اَنا نور سول اللہ۔ روح مقیم ای نور احمدہ کہ روح جاری انساں است لازم
الوجود علاقہ از لازم الوجود (امثل کہ از لازم الوجود میدارد ۱۲) تفضیل دیگر **لا** سوگم **اِلٰہ** کے معنی بوجہ **الا**
اللہ کے معنی دیکھ محمد الرسول اللہ یعنی عالم شہادت یعنی مرتبہ تشبیہ بوانکہ مرتبہ احدیت وغیب ہویت
منقطع الاشارات و مجہول النعت ولا تعین وبطون بطون ومطلق مطلق وعیب الغیب وراء الورا ست از
جمیع نسب واضافات وشیون و اعتبارات و بالذاہ منزہ ومعرا ومقدس ومبرا ست بلکہ مطلق از قید تنزیہ در
ہویت صرفہ ومرتبہ وحدت کہ تعئین حقیقتہ محمدی اول است تمیز علمی وعینی از حق واز یکدیگر شاں یافتند
بعد ازاں مرتبہ الٰہیت وآں عبارت از دو قوس ویک برزخ باشد قوس وجوب یعنے حقایق اسماء الٰہیے کلی کہ
قابلیت ذاتے وقغس امکاں یعنے حقایق واسماء کیانے کلی کہ ہر دور اصفات افغالی وصفات الفغالی تیز نامند
وبینہما برزخ حقیقت انسانی یعنی سبع صفات ذاتی کہ امہات شانِ نیز گویند والالو تہہ مقتقی ناء لعالم فی عینِ
بقائہ وبقاء العالم بظہور اسماء الحق واوصاف من افاضتہ الوجود بعد ازاں مرتبہ ارواح کہ عبارت از فعل
آلہے است وسرادار کن فکان ہمیں است اول مرتبہ لا تعین دوم مرتبۂ تعین اول سیوم مرتبۂ تعین ثانی
چہارم سرتبۂ تعین ثالث پنجم مرتبدہ تعین رابع ششم سرتبۂ تعین خامس ہفتم مرتبۂ تعین سادس کہ عالم
اجام است الے مالا تہایتہ رہر آینئہ اللہ تعالے بے پرواہی عالم سے محض ان فقیروں کے سوالات ادا کرنے
کے واسطے اور انکی مرادوں کو پہونچانا کرکے آپ اُن کی صورتوں سے ظاہر ہوا ہے۔ اور آپ کو پوچتے رہنے
کے لئے خلق کو پیدا کیا۔ حدیث قدسی **کُنتُ عنزاً مخفیاً فاَحببتُ اِن اُعرفَ مخلقتُ**
الخلق لاِعرف ف اُسکی معنی یہ ہے میں گنج مخی ایساکہ چھپا ہوا پس دوست رکھا میں یہ کے پوچے جاوں میں
پس پیدا کیا میں خلق کتیئن۔ تاکہ عبادت کئے جاؤں میں۔ اور دوسرے سب فقیر ہیں۔ اَللہ غَنیُ انتم
الفقراء یعنی ذات اللہ کی غنی ہے۔ اور تم سب محتاج ہیں۔ یعنی ذات حق کی غنی مطلق ہے کسی چیز کی کمی
اسکو نہیں۔ جب حق سبحانہ نے دیکھا کہ ان فقیروں کی جماعت کو۔ بادشاہ وزیر بھی وہاں فقیر اور کنگال
بنکر کھڑے ہووے تھے۔ اور فقیر بھی فقیر تھا۔ محمود اور ریاز یعنی گدا اور غنی سب وہاں برابر تھے۔ نہ
کچھ کم نہ کچھ زیادہ۔ جب کچھ نہ تھا نہ آسمان زمین نہ کرسی نہ لوح و قلم رنہ نبات وجماد اور نہ حیوان وانسان
وغیر ھم - کانَ اللہ ولمَ یکن مَعہُ شئہ۔ اللہ تعالے تھا اور نہیں تھے ساتھ اُسکے کوئی شئے۔ تب صرف ذات خدا
کی تھی یعنی فقط ھی نپا تھا۔ اپنے ھی پنے میں آپ ایسا مست اور بیخبر تھا کہ میں پن (خودی) اور سب

صفات ذات میں چھپے ہوئے تھے۔ آسکو گنج مخفی بولتے ہیں۔ خدا کی ذات کے تین مرتبے اول غیب
ہویت یعنے صفات سب مخفی تھے ذات کے گنج میں جب صفات مخفی ہوے تو ذات غیب تھی نہ اپنی خبر
رکھتا تھا نہ غیر کی کیونکہ خبر رکھنا اور جاننا علم کی صفت سے تعلق رکھتا ہے۔ جب سب صفات مخفی
تھے تو خبر رکھنا اور جاننا بھی نہیں تھا۔ بعد ارادہ کیا کہ میں پوجا جاؤں (پہچانا جاؤں) پوجنے کے لئے
خلق چاہیئے۔ تب ارادہ خلق کو پیدا کرنے کا کیا۔ اول صفات کو ظاہر کرنے کا ارادہ کیا۔ اور اپنے کو آپ پوجا
کہ میں ہوں یعنی میں موجود ھوں۔ اس بوجھ کو مرتبہ وحدت کہتے ہیں۔ بعد تفصیل سے اپنے کو بوجھا کہ میں
خالق ہوں اور رزاق ہوں اور رحیم ہوں اور رحمٰن ہوں۔ سب صفات ذاتی اور صفات افغالی اور صفات
انفعالی کے ساتھ ذات کو اپنی پوجا۔ صفات افعالی اور صفات اسما اور حقایق الٰہی ۲۸ بیس پر آٹھ ہیں۔

الرفیع   الجامع   اللطیف   القوی   المدل   الرزاق   العزیز   الممیت
السمح   المحی   القابض   المتین   المحصی   المصور   النور   القاہر
العلیم   الرب   المقتدر   الغنی   الشکور   المحیط   الحکیمہ
الظاھر   الباطن   الاخر   الباعث   البدیع

اسکو مرتبۂ واحدیت کہتے ہیں۔ وحدت کے مرتبہ میں ایک صفت دوسری صفت سے جدا نہیں
رہتی۔ اور ذات سے سب صفات بھی جدا نہیں تھے۔ ذات میں عین ذات تھی واحدت لے کر مرتبہ میں
ذات سے صفات جدا ہوئے۔ ایک صفت دوسری صفت سے بھی جدا ہوئے۔ یعنی ذات اور صفات
تمیز علمی پائی۔ اور ھماری ذات جو حقایق الاشیاء ثابتہ جنکی باب میں آیا ہے یعنی سب ذات اشیاء کے
ثابت ہیں۔ بیچ حق کی ذات ھمارے پیدا ہونے کے آگے بھی علم حق میں ثابت تھیں۔ اور اب بھی
ثابت ہیں۔ دونوں جہانمیں جو جو شئے کے ہے اُسکی صورت یہاں جیسی دکھائے دیتی ہے۔ ہو بہو ویسی ہی
صورت علم میں حق کی ثابت ہے۔ پس دوجہاں کے صورتیں علم میں حق کے اب بھی ثابت ہے۔ پس
دوجہاں کے صورتیں علم میں حق کے اب بھے ثابت ہے۔ آگے پیدا ہونے کی بھی ثابت تھی۔ پیدا ہونے
کے بعد بھی ثابت رھینگی - یعنی عرش، کرسی، لوح و قلم، آسمان، زمین، جھاڑ، پہاڑ، جن، ملک،
حیوان اور انسان غرض ذرہ ذرہ ریزہ ریزہ اب جو کہ عالم میں موجود ہے اور ہوتا جاتا ہے۔ اور ہوتا رہے گا
ازل سے ابد تک۔ واحدیت کے مرتبہ میں جو تفصیل سے پوجنے کا مرتبہ ہے۔ ظاہر ہووے۔ یعنی خالی

صورتیں ان سب کے اب جیسے یہاں ہیں یہ صورتیں نہیں پنے کے علم میں حاضر ہوئے ۔ اور یہ خالی صورتیں ہمارے جو علم میں ثابت ہیں انکو ہماری ذاتیں بولتے ہیں ۔ کیونکہ اگر وہ صورتیں نہ ہوتے تو ہم کہاں سے آتے ۔ کس واسطہ کے دلمیں مصور کی خالی صورتیں جو ہاتھی گھوڑا ۔ آدمی ۔ حیوان ، آسمان ، زمین ، جھاڑ ، پہاڑ سب کے کھڑے ہوئے ہیں ۔ اُن سب صورتوں کو جانتا ہے ۔ اور موافق ان صورتوں کے کاغذ پر لکھتا ہے ۔ اسی طرح وہ خالق مصوّر حقیقی ہے ۔ ھو اللہ الخالقُ البارئُ المصوّرُ جب مصور حقیقی کے علم میں دونوں جہاں ۔ کے صورتیں سب ثابت تھے کہ خارج میں موافق اُن صورتوں کے پیدا کیا ۔ اور بھی نہیں پنے کی صورتوں کو ذات ہماری کہتے ہیں ۔ کیونکہ اصل ذات ہمارے نیست اور خدا کی ذات ہماری کہتے ہیں ۔ کیونکہ اصل ذات ہمارے نیست اور خدا کی ذات ہست ۔ اُس ہمارے نیستے اور نابودیے پر دلیل ہماری صورتیں ہیں ۔ جو علم میں حق سبحانہ کے ثابت ہیں ۔ جیساکہ کاغذ پر تصویر یا پتھر پر نقش بیجان ثابت ہے ۔ اسی طرح ہمارے تن کی صورت ، دل کی صورت اور روح کی صورت ساتھ اپنے اپنے فصلونکے اور حکموں کے جو علم میں حق کے ثابت ہے اُسکو عدم امکانی کہتے ہیں ۔ اصل میں ہماری نیستی ہے یعنی نہیں پن اور یہ ذات جو علم میں ثابت ہیں انکو بود بنود کہتے ہیں ۔ ایک رو سے نیست اور نابود ہیں ، ایک او سے ہست اور بود ہیں ، کیونکہ نہیں کہے تو ایسے نہیں ہیں جیساکہ ممتنع یعنی شریک باری نہ علم میں موجود ہے نہ خارج میں اور ذات ہماری علم میں حق کے ثابت ہیں ۔ ثبوت رکھتے ہیں ۔ مگر وجود نہیں رکھتے ۔ (یہ بھی تن و دل اور روح کی اصل ہوئی) یہ بھی عدم اور نیتسی ہے ۔ مگر علمی وجود یعنی ثبوت پائی ہے جبتک کہ ثبوت نہیں یعنے ظہور علم میں اور عین میں نہیں ہے ۔ وہ عدم ہے ۔ جو اصل ذات ہماری ہے یعنے مرتبۂ احدیت اور غیب ہویت میں ذات ہماری ذات میں حق کے مبطن اور مستجن تھے ۔ یعنی باطن در باطن چھپے ہوئے تھے ۔ ظہور نہیں تھا ۔ بعدہ ثبوت یعنے علمی وجود پائے ۔ بعدہٗ خارجی وجود پائے ۔ جب تمام ذات علم میں ظاہر ہوئے ۔ حق سُبحانہ نے تفصیل سے ہر شئے کے ذات کو اور اُسکے جھتے پنے (جماعت) کو بوجھا ۔ یعنی یہ ذاتیں ہماری محتاج تھے ۔ وجود کے لئے حق سبحانہ سے بہی التجا کرتے تھے ۔ کہ الٰہی ہم کو پیدا کر ہم فلان فلان کام کریں گے ۔ یعنے ہر ہر شئے اب یہاں جو کچھ کے کرتی چلی جاتی ہے ۔ پید ہوئے جب سے سرے تک (پیدائش سے موت تک) یہ سب اُسکا سوال تھا ۔ زبان حال سے یعنی فقیروں کا حال خود سوال ہے نہ یہ کہ تن کی زبان سے پائے ہیں ۔ کیونکہ یہ تن وہاں نہیں تھا ۔ تب حق سبحانہ تعالیٰ نے ان کو اور ان کے سب سوالوں کو علم سے دریافت کیا اور حکم فرمایا کہ جیسا یہ چاہتے

ہیں یعنی کوئی شخص کفر چاہا اسپر حکم کفر کا ہوا ۔ اگر کوئی اسلام چاہا تو حکم اسلام کا ہوا ۔ اسی طور سے اگر کوئی ثواب چاہا حکم ثواب کا ہوا ۔ اگر عذاب چاہا حکم عذاب کا ۔ اگر کوئی گوری رنگت چاہی حکم گوری رنگت کا ہوا ۔ اگر کوئی کالی رنگت چاہی حکم کالے پن کا ہوا ۔ اسی صورت سے ہر ہر شئے ذرہ ذرہ ، ریزہ ریزہ دونوں جہان سب پر وہ جیسا جیسا چاہے ایسا ہی حکم ہوگیا ۔ ازل سے ابد تک اس حکم حکم کلی کو ۔ قضا کہتے ہیں ۔ بعدہ ہر ہر شئے کے ذات کا چھتا پن جیسا جیسا تھا ۔ موافق اس کے خواہشونکے اس اس شئے کو ایک ایک وقت ایک ایک مکان سے خاص کر کر فلاں فلاں وقت میں فلاں فلاں ۔ مکان میں پیدا ہونا کر کے قلم بند کیا ۔ اور اس قلم بندی کو قدر کہتے ہیں ۔ بعد اُسکے موافق اُس قلم بندی کے خارج میں موجود کیا ۔ ایسا جو سر مو زیادہ اور کم نہ ہووے (ایسا کچھ کم یا زیادہ نہ ہوے) انکے چاہتے پنے میں یا ذات یا صفات یا فعلوں میں یعنے یہ سب ذات اور صفات اور فعل اُنکے خارج میں موجود ہونا موافق انکے خواہشونکے یعنے حق کے طرف سے جو کچھ کہ وہ چاہے ہی اسمیں ایک بال برابر زیادتی یا کمی نہ ہونے پائے ۔ اس کو سِرّ قدر کہتے ہیں ۔ مگر سرّ قدر وہ ہے جو اعیان ثابتہ امور خارجی ہیں ۔ ہمیں بین وجود سے حق کے اور روز ازل سے علم میں ظاہر ہوئے ہیں ۔ اور ساتھ علم کے ہیں ۔ بلکہ حق کی (شیونات) ذات کے صورتیں ہیں اور کبھی تغیر اور تبدل نہیں پاتے ہیں ۔ اپنے حقیقتوں سے کیونکہ ذاتیات حق کے تغیر اور تبدیل سے پاک ہیں ۔ علم حق کی صفت ذاتی ہے اور اعیان ثابتہ معلومات یعنے علم ظہور ذات حق ہے ۔ اور معلوم ظہور علم اگر انکو تبدیل ہوا تو علم بھی محل حوادث ہوا ۔

پس اس تقریر سے معلوم ہوا کہ حکم خدا کا اوپر تمام خلق تابع اُسکے علم کا ہے ۔ اور علم تابع معلومات کے ۔ اور ہمارے مرشد حضرت کمال اللہؒ چشتی القادری السہروردی الطبقاتی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ افعال بندوں کے جب کے کفر اور اسلام عبادت اور گناہ ، نیک کام اور بدکام تابع بندوں کے اختیار کی ہیں ۔ انکا تابع تقدیر ازلی کے اور تقدیر ازلی تابع علم قدیم کے اور علم اور قدیم تابع حقایق اشیاء کے اور اعیان کے اور اعیانِ ثابیۂ تابع شیونات ذات حق کے ان اور شیون یعنے شانان ذات کے تابع وجود محض کے ایسا وجود جو نہیں ہے کوئی مرتبہ اوپر اُسکے جب حق سبحانہ موافق انکے التجا کے قبول فرمایا ۔ اور جو جو انکے خواہشات تھے ۔ اسمیں ایک سرمو اپنے طرف سے نہ بڑھایا ۔ نہ گھٹایا تو معلوم یہ ہوا کہ حاکم محکوم ہوا اور محکوم حاکم ہوا جیسا قبول فرمایا ویسا ہی خارج میں موجود کیا ۔ تو اُسکو ۔ سِرّ سِرّ قدر کہینگے ۔

مگر خارج میں موجود ہونے کو وجود اور ہے پن ہونا جو چیز کی ذات آسکی نیست اور نابود ہووے آسکو ہے پن کہاں سے آئے گا۔ نہیں سو چیز کو کچھ بھی نہیں۔ خارج میں کیونکر موجود ہودیگی۔ اگر کہینگے کہ یہ وجود دوسرا ہے۔ یہ بات غلط ہے۔ نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ جب تک ایک وجود انتہا کو نہیں۔ پہونچا دوسری وجود کا ابتداء کیونکر ہووے گا۔ یہ غیر ممکن ہے۔ جب وجود حق کا تمام ہوجاویگا۔ تب دوسرا وجود آغاز پایگا۔ وجود حق کا تمام ہونا تو محال ہے۔ پس یقین سمجھو اے طالبو کہ یہ سخن جواب میں کہتا ہوں۔ یعنی یہ دونوں جہاں کے پیدائش کا ظہور بالکل نامحرموں سے ظاہر نہ کرنا۔ نامحرم وہ ہے جو داخل طریق خواجگان چشت اہل بہشت کا نہ ہوئے۔ اگر محرم ہووے بھی تو کوتاہ پیالہ نہ ہونا اس سخن کو سن کر دریائے وحدت میں غوطہ مارنا۔ جیسا صدف قطرۂ ابر نیسان کا منہہ میں لیکر ڈوبتی ہے۔ جو کہ ظاہر کرے گا۔ نامحرموں سے وہ خراب ہوجایئگا۔ سننے والا بہک جایئگا۔ کبھی نہ کبھی دیر سے آیندۂ رجعت پہونچیگی - بیت

جس بات کو دیدو سنو ہے فرض چھپانا ابتدا چھپانا
گو باپ بھی ہو اپنا تو اسکو نہ سنانا ہر گز نہ سنانا

پس وہ قادر ظاہر نے اپنے وجود سے ہزار ہا عالم کو وجود میں لایا اور ان سب کی صورتوں اور شکلوں سے جو علم میں ثابت نہیں آپ ظاہر ہوا۔ جس حال میں کہ اٹھارہ ہزار طرح کے عالم کے صورتوں اور شکلوں سے آپ ظاہر ہوا ہے۔ اسی حال میں ہے بے شبہ بے نمونہ لامکاں میں موجود ہے۔ اور ان مشکلوں کے قبول کرنے سے اصل ذات کو اُسکے جو وجود ایسا کہ خالص ہے کچھ عیب اور نقصان نہ ہوا۔ جیسے پہلے تھی اب بھی ویسی ہی شکلوں اور صورتوں کی نسبت طرف حق کی مجازی ہے۔ کیونکہ بالذات حق تعالی سب شکلوں اور صورتوں سے پاک ہے اور مبرا ہے۔ اور وہ نسبت طرف ھماری ذات کے حقیقی ہے کیونکہ اصل ذات ھماری کیفیت اور کمیت تعین اور تشخص ہے مثلاً ایک لکھنے والی کے دل میں صورت تیس حرفوں کی ثابت اور قائم ہیں۔ اور لکھنے والے سے یہ بولتی ہیں کہ اگر تو نے ہمکو کاغذ پر لکھے گا تو ہم ظاہر اور پیدا ہوتے ہیں۔ آپ سے آپ موجود ہونیکی ہمکو مقدور نہیں ہے۔ کیونکہ ذات ھماری نیست و نابود ہیں۔ اور تو کاتب صاحب مقدور ہے۔ آپ تو موجود ہیں ہم تو نابود ہیں۔ اگر تو لکھتے کے بعد مٹا دیگا تو پھر فنا ہوجائیگی تیری ذات تب بھی قائم اور موجود ہیں۔ مثلاً ایک شخص برہنہ مادر زاد ہے۔ کہ اُسے نہ ازار ہے۔ نہ جامہ نہ پگڑی نہ ڈوپٹہ نہ چادر اُس شخص نے دوسرے شخص کے پاس سے ازار، جامہ پگڑی اور ڈوپٹہ عاریتاً

مانگ لیا۔ اور پہنا تو وہ شخص کسی کو برہنہ نہ دکھائی دے گا۔ اور آپنے آپ کو برہنہ نہ دکھائی دے گا۔ لیکن جب وہ شخص سمجھے گا کہ یہ پگڑی اور کپڑے پرائے ہیں تو جس حال میں اپنے کو برہنہ اور ننگا دیکھے گا اُسکے موافق تو نہیں ہے۔ اور تیرے میں جو کچھ ہے اور دکھائے دیتا ہے۔ سب خدا کا ہے نہ تجھے ذات ہے نہ صفات ہے نہ افعال ہے۔ نہ آثار بلکہ تو حق کے ذات کو اپنی کہتا ہے۔ اور اسکے صفات کو اپنے صفات جیسا کہ غلام صاحب کے گھر کو اپنا گھر اور صاحب کے مال کو اپنا مال کہتا ہے۔ العبد ومافی لیدہ ملک لمولاہ ے میرا مجھ میں کچھ نہیں جو کچھ ہے سو تیرا تجھ کو سونپ دیا جاتا ہے۔ میرا واللہ خلقکم وما تعملون وربٔ تخلق مایشاء ویختار ماکان لھم الخیرہ وما تشاؤن الا ان یشاء اللہ لیس کمثلہ شیٔ وھو السمیع البصیر. انک میت وانہم میتون. کُل من علیھا فانٍ وبقیٰ وجہُ ربك ذوالجلال والاکرام . قائیم اور موجود ہے ذات اں (اللّٰہ) جو دلمیں کاتب کے ثابت ہیں۔ لیکن انکو وجود نہیں ہے۔ مگر ثبوت ہے۔ پہلا ظہور ذات سیاہی کا نقطہ ہے۔ انکو بود بنود اور معلومات معدومات کہتے ہیں۔ کیونکہ سب صورتیں دلمیں کاتب کے ثابت ہیں۔ لیکن اُنکو وجود نہیں ہے، مگر ثبوت ہی پہلا ظہور ذات سیاہے کا نقطہ ہے۔ سیاہی سو ذات احد کی نقط سو احمد کی ذات یعنے محمد کا (کے) نور کا نقطہ ہے۔ احد اور احمد کے درمیان فرق ایک میم کا ہے۔ وہی میم نقطہ ہے جو دل کی صورت سے روشن ہے۔ یعنی مطلق دل نہ مفید پہلا ظہور ذات حق کا حقیقت محمدی ہے۔ اور تمام عالم ہزار طرح ایک سے ایک پیدا ہوتا ہے۔ کیونکہ کلیہ ہے کہ الواحد لایصید رعنہ الا الواحد کا مانند حرفونکے جو ظہور نقط کا ہے۔ کیونکہ نقط مظہر اتم اور اکمل ذات کا ہے۔ پس معلوم ہو کہ وجود اب کی ہے۔ یعنی ہست اور ہست کرنے نیست کا ایک ہے۔ آپ سے آپ موجود ہے۔ اپنے ہے پن میں محتاج کسی کا نہیں کیونکہ اُسکا جو ہے پن ہے سو ذات ہے۔ ذات ہے سو لے پن ہے۔ وجود اُسکا جدا اور ذات جدا نہیں۔ اگر وجود اسکا جدا ہوا تو ذات اُسکی محتاج امر زید کی ہووے اور ھے پن آگے ذات سے اُسکے ہونا لازم آیا۔ اور ذات بعد وجود کے ہونا نظر کرتے ذات کے وقدیم ہوا اور وجود اور حیات ساتھ ذات کے ملی تو ترکیب لازم آئی۔ ذات کو اللہ تعالےٰ کے ذات ترکیب سے پاک ہے۔ اور ھے پن اسکا زاید ہر ذات نہیں۔ بلکہ عین ذات ہے۔ جب ذات اُسکی عین وجود اور وجود عین ذات ہوا رتو اعلیٰ مرتبہ وجود کا ثابت ہوا ذات کو حق سبحانہ تعالےٰ کے جو ہست مطلق اور موجود اور زندہ اور جیتا ہے۔ اس ذات کے کئے کمالات ہیں، ان کمالوں کو صفات کہتے ہیں۔ جیسا پہلا کمال ہست حقیقی کے ذات کا ہمیشہ اُسکو جینا ہے۔ اُسکو بالکل موت نہیں ہے۔ اس کمال کو حیات کہتے ہیں۔ جو ذات کے ہست اور جیتی ہمیشہ ہووے اسکو

بوجھ ضرور ہے ۔ وہ ذات ہمیشہ اپنی کو اور اپنے کمالوں کو جانتا ہے ۔ علم حضوری سو اس کمال کو علم کہتے ہیں ۔ اور وحدت اور نقطہ اور حقیقت محمدی اور دل مطلق اور نور محمدی بھی ۔ پہلی جو ذات کہ غیب تھی اُسکو پہلی جو قید لگا سو یہی ہے ۔ اُسکو یقین اول کہتے ہیں ۔ تیسرا کمال اس ذات کو چھتا پنا ہے ۔ یعنی ہمیشہ چاہتا ہے جو اپنی کو اور اپنے کمالوں کو ظاہر کروں ۔ اسکو ارادہ کہتے ہیں ۔ جیسا چاہا ویسا ہے کُن کے حکیم سے دونوں جہاں کو پیدا کیا ۔ بغیر آلہ اور اسباب کے اور اگر چاہے تو ایسے حس جہاں پیدا کرے ۔ وہی کُن کے حکم سے اس کمال کو قدرت کہتے ہیں ۔ اور ہمیشہ اپنے کلام کو اور اپنی مخلوقات کے کلام کو سنتا ہے بغیر کان کے اس کمال کو سَمع کہتے ہیں ۔ اور ہمیشہ اپنے اور کمالوں کو اور تمام مخلوقات کو اور مخلوقات کے زوال اور کمال کو دیکھتا ہے بغیر آنکھ کے اس کمال کو بصر کہتے ہیں ۔ ساتواں جسکو چاہتا ہے کہ پیدا کروں کُن فرماتا ہے بغیر زبان کے ۔ کُن کی معنی ہو یعنے موجود ہو ۔ معاً وہ چیز موجود اور پیدا ہوتی ہے ۔ کُن کو اسکا کلام کہتے ہیں ۔ اور ذات بندوں کی عدم امکانی یعنی ہمیشہ بندوں کی ذات کو وجود اور ھے پن ضروری نہیں ہے ۔ اول بھی نیست آخری بھی نیست درمیانی دور روز ہیں مانند متخلل کے درمیانی دو خون کے الوجود بین العدمین عدم کالطھر المخلل بین الدمین دم " یعنی ہے پن درمیان دو نین پن کے نین پن ہے منظور نہیں ہے ۔ مانند پاکی کے ایسی پاکی کے جو خلل انداز ہے ۔ درمیان دو خون کے داخل خون میں ہے ۔ یعنی ناپاکی میں کیونکہ ہمکو اول بھی نین آخر بھی نین پیدا ہونے کے آگے کیا نہیں ۔ کچھ ہیں ۔ بعد از مرنے کے بھر کیا ہے : کچھ بھی نہیں ۔ جب ذات ھماری نیستی اور نین پن ہے ہمکو ہے پن بھی نہیں ۔ اور میں پن بھی نہیں ۔ اور صفات بھی نہیں ۔ جیتا پن (زندگی) ہوتا تو میں پن بھی ہوتا ۔ کیونکہ جو چیز کہ جیتی رھیں گی البتہ میں پن کا دم مارے گی جو چیز کے نین اور مردہ ہے مین پن کا دم کہاں سے مارے گی ۔ جب ھے پن میں مین پن ہوا تو صفات بھی کمال کے ہوینگے ۔ ھماری ذات نہیں پن صفات سب نقصان کے جو نہیں ہے اسکو ہمیشہ جینا نہیں ۔ بلکہ ہمیشہ ناجیتے (موت) رہنا ہے ۔ اس صفت نقصان کو موت کہتے ہیں ۔ نین سو چیز کو جب جینا نہیں تو جاننا بھی نہیں ۔ اس نقصان کو جہل اور نادانی کہتے ہیں ۔ جب جاننا نہیں تو چاہتا بھی نہیں ۔ جب چاہتا (عبث) نہیں تو کرنا اور قدرت بھی نہیں ۔ اسکو عاجزی کہتے ہیں ۔ جب کرنا نہیں تو کلام بھی نہیں .. اس بات نہ کرنے کو مگاپن اور گنگاپن کہتے ہیں ۔ جب بات کرنا نہیں تو سننا بھی نہیں اسکو کری یعنی بوڑھا پن کہتے ہیں ۔ جب سننا نہیں تو دیکھنا بھی نہیں اسکو کوری یعنی اندھا پن کہتے ہیں ۔ اگر ہے پن ہمکو ہوتا تو جینا ہوتا جینا ہوتا میں ہوں کر کر جانتا ہوتا ۔ جاننا ہوتا، چاہتا ہوتا، چاہتا ہوتا تو کرنا

ہوتا، کرنا ہوتا تو سننا ہوتا، سننا ہوتا تو دیکھنا ہوتا، دیکھنا ہوتا تو بولنا ہوتا ۔ حیات تابع وجود کے ہے ۔ اور باقی صفات تابع حیات کے خوب دیکھو تو معلوم ہوتا ہے ۔ کہ ہم اول بھی نہیں آخر بھی نہیں درمیانی دو روز ہیں ۔ بغور دیکھو کہ ہم درمیانی بھی نہیں ہیں ۔ کیونکہ جو چیز کے اسکو اول اور آخر نہ ہو درمیان کہاں سے موجود ہوگی ۔ اے عزیز ذات حق سبحانہ کی ہست اور ھماری ذات نیست ۔ وہ ہست نے دیکھا کہ یہ نیست مراد کو نہیں پہونچنا ممکن نہیں ۔ تب وہی ہست نے اول صورت سے محمد کے جو برزخ اور واسطہ ہیں ۔ اور میانی حق اور خلق کے اور معشوق اوسکے ظاہر ہوا ۔ وہی صو ہوتا تو دیکھنا ہوتا، دیکھنا ہوتا تو بولنا ہوتا ۔ حیات تابع وجود کے ہے ۔ اور باقی صفات تابع حیات کے خوب دیکھو تو معلوم ہوتا ہے ۔ کہ ہم اول بھی نہیں آخر بھی نہیں درمیانی دور روز ہیں ۔ بغور دیکھو کہ ہم درمیانی بھی نہیں ہیں ۔ کیونکہ جو چیز کے اسکو اول اور آخر نہ ہو درمیان کہاں سے موجود ہوگی ۔ اے عزیز ذات حق سبحانہ کی ہست اور ھماری ذات نیست ۔ وہ ہست نے دیکھا کہ یہ نیست مراد کو نہیں پہونچنا ممکن نہیں ۔ آپ بھی پوجا (عبادت کے جانا) جانا ۔ اور یہ نیست اپنی مراد کو پہنچنا ممکن نہیں ۔ تب وہی ہست نے اول صورت سے محمد کے جو برزخ اور واسطہ ہیں ۔ اور میانی حق اور خلق کے اور معشوق اوسکے ظاہر ہوا ۔ وہی صورت محمد یعنے ذات محمدی صورتوں سے دونوں جہاں کے ظاہر ہوا ۔ وہی صورت محمد یعنے ذات محمدی صورتوں سے دونوں جہاں کے ظاہر ہوا ۔ یعنی ہی پن اور میں پن اور صفات اپنی ہمکو عنایت کر کر موجود کیا ۔ اَنَا اور منم اور میں پن ایک ہے ۔ جسکو وحدت بولتے ہیں ۔ حدت کے دو طرف ہیں ۔ احدیت اور واحدیت احدیت باطن وحدیت کا اور واحدیت ظاہر وحدت کا اور وحدت جب اپنی اصل باطن طرف رجوع کرتا ہے ۔ میں ہر ہر ذرہ کامہ سی ماہی تگ اور عرش سے تحت الشری تک ہوجاتا ہے ۔ جب ظاہر ہر طرف اپنی رجوع کیا تب ہر ذرہ اور خورشید اور آسمان اور زمین اور عرش اور کرسی اور ۔ جمادات اور نباتات اور حیوان اور انسان ہر ایک پکار اُٹھا کہ میں آسماں ہوں ۔ اور زمیں بولی کہ میں زمین ہوں ۔ جمادات پکار اُٹھے کہ میں جماد ہوں ۔ نبات نے بولا کہ میں نبات ہوں بلکہ ریزہ ریزہ ذرہ ذرہ پکار اُٹھا کہ میں ذرہ ہوں اور ریزہ ہوں ۔ سب میں پن کا دم مارنے لگے (خودی کا نعرہ لگانے لگے) باوجود کہ میں پن ایک ہی ہے ۔ لیکن جسکا عین ہوا وہ غیریت کرنے لگا ۔ دونوں جہاں دم میں مین کا مارنے لگے ۔ لیکن اصل میں وہی ایک میں پن اولانا ہے ۔ جو وہاں ہم سب نہیں پیدا ہووے تک میں اللہ ہوں کر کے بولتا تھا ۔ اب میں بندہ ہوں ۔ میں بندہ ہوں کہتا ہے ۔ عالم شہادت میں کیونکہ وہاں وہی وجود غیر مخلوق اور خدا تھا اور یہاں مخلوق اور بندہ کا وجود ہوا

ہے۔ وجود اور اَنَا ایک ہیں۔ جو آسکی وجود کا لباس لیکر ظاہر ہوا ہے۔ اسکو وحدت در کثرت کہتے ہیں۔ کیونکہ وہی ایک مُنَّم ہے۔ جو بشر دو ھزار عالم میں کروڑوں مَینم کے صورتوں ظاہر ہوا۔ دراصل وجود ایک ہے۔ کہ مُنَّم کی صورت سے سب سے باعتبار ہر ہر صفت کے ایک ایک نام پاکر میں میں کرتا ہے۔ جیساکہ نبات میں صفت نباتیت سے میں نبات ہوں، اور پتھر میں صفت جمادیت سے میں پتھر ہوں۔ بدستور دونوں جہاں میں ہر ہر شئے میں میں کرتا ہے۔ وہی وجود اور بعد فنا ہونے کے یعنی جب یہ سب فنا ہوجایئگے۔ یعنی جب سب تعینات اٹھ جائینگی۔ اور ذات کا تعین جو وحدت ہے وحدت میں مل جاینگے۔ قولہ تعالےٰ کُلُ مَنْ علیهافَانٍ وَیبقی وَجهُ ربك ذوالجلال وَالاکرام کا تماشا جلوہ گر ھویگا۔ یہ سب کثرت پھر اُسی وحدت میں مندرج ہوجائینگی۔ جیسا سب پیدا ہونے کے آگے بھی کثرت وحدت میں مندرج تھی جیسا تخم میں درخت، پتے، پھول اور پھل سب مُبطّن ہیں اسکو کثرت در وحدت کہتے ہیں۔ الغرض وجوہ ایک ہی ہے۔ وہاں قدیم اور خاص تھا۔ یہاں عام اور حادث ہوکر نمود ہوا ہے۔ ست صفات ہیں جو دو سبکی ہیں جو اس مقید تن میں اور اس جسم کشیف خاکی میں آکر مفید ہووے۔ ہمیں اصل میں مطلق ہیں۔ اگر کوئی چاہے کہ ان صفتوں کو مطلق کر دیکھے۔ تو مرشد سے اول ارشاد پاوے۔ بعدہ موافق حکم مرشد کے کسب کرے۔ انشاء اللّٰہ المستعان سب صفات مطلق ہوجائینگی۔ ایساکہ یہاں سے دس دیوار کے پرے کے چیز دیکھ سکے گا۔ اور دل کی بات پہچان لے گا۔ بدستور سب صفات ہیں۔ قید ہوجاینگی۔ اگر وجود دو ہوے تو جیساکہ ظاہر کی عالمان کہتے ہیں۔ وجود بندے کا جدا اور خدا کا جدا ہو تو دوہست اور دو خدا ہووے۔ لغوذباللّٰہ منها دراصل آفتاب بے رنگ ہے۔ لیکن پر تو اسکا درخت درخت آسمان زمین، حیوان، انسان، گُہ اور موت پاک اور ناپاک سب پر پڑتا ہے۔ اور عین اسی کا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن سب غلاظتوں سے پاک اور سب عیبوں سے اور نقصانوں سے معرا ہے انکو کچھ بھی نہیں لگتا بدستور وجود اور اُنَا حق کا سب سے پاک ہے۔ خدا اور بندہ کے درمیانی عینیت اور غیریت حقیقی اصطلاحی ثابت ہے۔

مسئلہ غینیت حقیقی غیریت حقیقی اصطلاحی کا۔ ذات حق کی ہست اور موجود اور ہی اور ذات بندہ کی نیست اور نابود اور نین وجود صرف کا غیر عدمِ صرف ہے۔ عدم دو قسم کا ہے۔ ایک عدم ممتنع جیسا کہ شریک باری شریک اللّٰہ تعالےٰ کا نہ علم میں پایا جاتا ہے نہ خارج میں نہ اُسکو وجود علمی ہے۔ نہ ذہنی نہ

وجوہ خارجی ہے۔ دوسرا عدم امکانی جو ذات ہماری ہے۔ واحدیت کے مرتبہ میں جب ذاتیں ھماری جنکو اعیان ثابتہ کہتی ہیں۔ وجود علمی پائی اور ظاہر ہوئے بعد وجود خارجی پائے۔ عالم شہادر میں پیشتران دونوں وجوہ کے صرف عدم ہستی لیکن لیاقت ان دونوں وجود کی رکھتی تھی۔ اس لئے عدم ممکنہ نام پایا۔ اگر چہ اسم می مسلمی تھے لیکن یہی کہ قابلیت موجود ہونے کی رکتھی تھی۔ اس عدم اور وجود کے بیچ میں غیر پناہی یہ عدم غیر اور جدا ہے اور جدا ہی وجود سے وجود کے حقیقت موجود ہے اور عدم اسم بی مسمّی غیر ہے۔ وجود کا وجود کی حقیقت کے روسے غیریت حقیقی ہووے۔ غیریت حقیقی لغوی جیساکہ آب اور آتش اور باری اور شریک باری میں ہے۔ اور غیریت اعتباری جیساکہ پانی اور موج اور حباب اور کف میں ہے۔ پانی اور موج میں جو غیریت کہ معلوم ہوتے ہی باعتبار صورت اور تعین کے ہے والا یہ سب عین پانی کے ہیں۔ خدا اور بندہ اگر یوں ہوا تو فانی کوں اور باقی کوں عبادت کرنے والا کون لینے والا کوں حاکم کوں محکوم ایک ہووے تو وحکم الشئی علی الفنیهٗ لازم آتاہ حکم کرنا۔ ایک ئشے اپنی ذات پر آپ درست نہیں ہے بلکہ حکم ایک شخص کا مینر پر اور دوسرے شخص پر درست ہوے گا۔ یہ سب حکم احکام صحیح ہونے کے واسطے غیریت حقیقی درکار ہے۔ اے عزیزا حق سبحانہ موجوہ مطلق ہے۔ اور غیر اسکا معدوم مطلق ہے۔ باوجود اسکے جو غیر موجود نہیں ہے۔ اس غیر کو موجود کر دکھانا اور باوجود اسکی جو غیر موجود دکھائی دیتا ہے۔ پھر غیر معدوم رہنا۔ غیر اول موجوہ نہیں ھوتا۔ اور اب موجود ہوا ہے۔ پھر اس گمان کو دفعہ کرنے فرمایلہ وَهوَ الاٰن کَماکَان یعنی وہ نیست اب بھی نیست کا نیست ہے۔ یعنی اب بھی حق سبحانہ موجوہ ہے۔ جیسا آگے تھا۔ اور غیر اسکا معدوم ہے۔ جسیاکہ آگے تھا۔ بلکہ حق سبحانہ غیر کو نمود دیا ہے۔ اور آپ موجود ہے۔ وجود حقیقی سے غیر اسکا نمود بے بود ہے۔ یعنی ظاہر ہر عالم کا نمود بے بود ہے۔ پس وجود حقیقی کو عین نمود بے بود سمجھنا اور نمود بے بود کو عین وجود حقیقی جاننا کفر صریح ہے۔ پس وجود حقیقی غیر حقیقی ہے۔ نمود بے بود کا اور نمود بے بود غیر حقیقی ہے وجود حقیقی کا۔ فَامّا اس نمود بے بود کا قیام وجود حقیقی سے ہے۔ جو حیُّ وقیوم ہے۔ اور عارفاں نمود بے بود میں وجود حقیقی کو دیکھتی ہیں۔ اور نمود بے بود کو قایم وجود حقیقی سے دیکھتے ہیں۔ اور شئے وجود حقیقی کو کہتے ہیں۔ اور حکم عینیت حقیقت کا کرتے ہیں۔ باوجود غیریت حقیقی کے عینیت حقیقی بتانا مرتبہ محبوبیت کا ہی المقصود ای طالب وہ ہست نے اس نیت کی حقیقت جیسی تھی! یساہی اپنی حقیقت کو جو وجوب اور وجود ہے اس حقیقت کے سا تھجو نا جود تھے کر کے ظاہر کیا۔ یعنی حقیقت وجود اور حقیقت عدم یہ دونوں غیر ہیں۔ حقیقت وجود

جب عین اور ساتھ حقیقت عدم کے از سر تا قدم ہوے ۔ عدم محض پہلے علم میں نمود پایا ۔ بعدہ خارج میں آیا اور ظاہر ہوا لیکن یہ صورتیں اور شکلیں جن کو تعینات اور تسخصات کہتے ہیں ۔ اصل میں حق کے نہیں ہیں ۔ کیونکہ اُسکی حقیقت ہر شکل وصورت سے منزہ ہے ۔ سب شکل اور صورتیں لازم غیر کے ہیں ۔ اور وہ غیر عدَم ہے ۔ اور عدَم نیس پن کو کہتے ہیں ۔ سبب صورتیں اور شکلیں حقیقی غیر کے ہیں ۔ نہ حق کے اگر حق طرف نسبت انکے کرنیگی تو مجازی اور اعتباری ہویگی ۔ کیا معنی کہ جب تک کہ وجوہ ہر شکل وصورت سے ظاہر ہے ۔ یہ شکل وصورت وجود کی ہے کہا جائے مگر جب شکل فنا ہوجاوئے اور وجود کی معیت سے دور ہونے ۔ وجود تو باقی ہے ۔ شکلِ وصورت کہاں ھے ۔ اگر اسکی ذات کی ہوتے تو ذات کے ساتھ رہتے سب وقت میں ۔ تمشیل - اس تمشیل اس عینیت حقیقی اور غیرت حقیقی اصطلاحی کی کیفیت شخض وعکسَ کی تمشیل میں خوب معلوم ہوتی ہے ۔ شخض اور عکس کی تمشیل میں خوب معلوم ہوتی ہے ۔ شخض اور عکس آپس میں عینیت حقیقی اور غیریت رکھتی ہیں ۔ خوب غور اور تأمل سے دیکھا عینیت کے بیان میں ۔ غیریت کو دخل نہ دینا اور غیریت کے بیان میں عینیت کو کچھ دخل نہ دینا - اگرچہ یہ سب مراتب وجود کے ہیں ۔ جیساکہ احدیت، وحدت، واحدیت الاہیت ربوبیت عالم ارواح اور عالم مثاَل اور عالم شہادت اور تشبیہ اور تنزیہ اور عینیت اور غیریت لیکن بہت تمیز سے ہر ہر مرتبہ کو دوسرے مرتبہ میں نہ ملانا اور حفظہ مراتب کرنا ضرور بہ ضرور ہے ۔ نہیں تو کفر ہوجاتا ہے ۔ جہاں کی بات وہاں کرنا ادھر کی بات اُدھر کرنا اور اُدھر کی بات ادھر مانند ملحداں کے

آمیز نہ کردینا ضرور ہے ۔ بیت

جو حفظہ مراتب نکریں بے دین ہو

اس رہ گزر میں بس کہ نشیب وفراز ہے

رکھنا قدم سنبھال کے گر امتیاز ھے

عکس اور شخض یک رو سے جدا اور غیر ہیں آپسمیں اور ایک رو سے عین اور واحد ہیں ۔ غیر کسی اوسے کہ ذات ۔ شخض کی قدیم اور باقی اور ہست اور ذات عکس کی جدید اور فانی اور نیست کیونکہ شخض جس وقت کہ آئینہ میں ظہور کرتا ہے تو اسکو عکس کہتے ہیں ۔ مثلث مثلاً اگر شخض نے آئینہ کو مقابل رخ کے نہ کیا تو شخض بھی موجود ہے ۔ اور آئینہ بھی موجود مگر عکس نہیں نظر آتا جب تک کہ آئینہ روبرو ہے عکس

دکھائی دیتا ہے ۔ جب سخض نے منہَ کو اپنے چھپالیا تو عکس بھی فنا ہوجاتا ہے ۔ کیا سبب کے ذات عکس کی غیر شخض کی ہے وہ جو غیریت یہہ ہے کہ عکس اول بھی نہیں اور آخر بھی نہیں اور شخض اول یہی ہے اور آخر بھی ہے ۔ عکس کے نمود بے نمود کے آگے بہی شخض ہست اور باقی اور موجود ہے اور بعد زوال نمود کے بھی موجود ہے ۔ پس معلوم ہوا کہ شخض قایم ھے اور عکس لاقایم اور شخض قدیم اور عکس جدید اور نو پیدا اور شخض آپ سے آپ موجود ہے ۔ اور عکس موجود ہے ۔ طرف سے شخض کے باوجود اس جدائی کے پھر وجہ عینیت یہ ہے کہ عکس سات شخض کے ہیں اور شخض سات عگس کہ ہر دو عین ہیں ۔ آپسمیں ایک دوسرے کی کیونکہ جب تک کہ شخض نے ظہور نہ کریں آئینہ میں عکس کہاں نظر آتا ہے ۔ وہی شخض جب دوسرے مرتبہ ظہور کیا اُسکو عکس کہنے لگے ۔ عکس اور ظل اور سایہ کے معنی ظہور شئے در مرتبۂ ثاینہ ہے ۔ عکس جو ہے وہی شخض ہے مگر دوسری مرتبہ میں کیونکہ اسنے اگر اسکو مَن اُنت کہیں یعنی کون ہے تو جس آن میں جسطرح سے اوسی بولیگا وہ بھی بلا تامل بغیر دیر اور بے درنگ گی کے کہتا ہے ۔ مَن اَنت جو کہ اوسنے کہیں اور کریں وہ بھی وھی کرتا ہے دوسرا جب تک کہ اسنے دیکھتا ہے وہ یہی دیکھتا ہے جب آئینہ کو روبرو سے کنارے کیا تو نہیں دکھائی دیتا تو معلوم ہوا کہ وجود عکس کا ساتھ ظہور شخض کے ہے اور ظہور شخض کا ساتھ عکس کے ظہور کے وجود کے رو سے عکس اور شخض عین یک دوسرے کے ہیں ۔ کچھ جدائی انمیں پائی جاتی ۔ شخض سے مراد ذات خدایتعالےٰ کی اور عکس سے مراد عالم یعنی ہشردہ ہزار عالم جو خارج میں موجود ہے اور آئینہ سے مراد اعیان ثابتہ ہیں ۔ اور درمیانی اعیان ثابتہ کے جو آئینہ اور مظہر ظہور حق کا ہے اور درمیان اعیان خارجی کے جو مثال عکس کے ہیں ۔ غیریت اعتباری اور مجازی ہے نہ حقیقی اگر حقیقی ہوئی تو نسبت جبر کی طرف حق کے ہوتی ہے ۔ قولہ تعالےٰ اِنَّ اللّٰہ لَیس بِظلاّمٍ لِلعبیدِ یعنے ظالم بندوں پر کیونکہ جو کچھ خیر اور شر اور رنج اور راحت چاہے سو اعیان ثابتہ چاھے جب اعیان خارجی اونکی غیر ہوئے تو ان پر ثواب وعذاب یا ثواب اعیان ۔ ثابتہ چاہیے ہیں اعیان چاہیے ہیں اعیان خارجی اعیان ثابتی کے غیر ہوے تو ثواب اور عذاب اعیان خارجی پر ظلم ٹہرا کیونکہ چاہے سو کرے یعنے اعیان ثابتہ اور عذاب ہونا اعیان خارجی پر تو یہ ظلم ٹہرا ۔ اسلئے اعیان خارجی اعیا ثابتہ سے غیریت نہیں رکھتے ہیں ۔ کچھ ضرور نہیں تھا ۔ اختیار کریں رعیان ثابتہ ثواب عذاب غیروں پر ہونا عدل سے بعید ہی اور اَلعدلَ نام حق سبحانہ تعالےٰ کا ہے ۔ قول تعالےٰ لَا یظلِمُ اللّٰہ ولٰکن کانوٓا انفسہم یظلّموْن؁ یعنی ظلم نہیں کرتا ہے اللہ تعالےٰ ولیکن ظلم کرتے ہیں ان پر نفس اُنکے ۔ مسئلہ ضد شبی عین شمی باوجود ضدیت کے

جبکہ وجود اور عدم یہ دونوں صند ہیں۔ جب وجود ہووے تو عدم نہیں اور عدم ہوئے تو وجود نہیں ایک کا ایک صند ہوکر جب وجود عین عدم کا ہوکر ممکن کی صورت سے ظہور کیا۔ تو صند شئے کی عین شئے کے ہووے باوجود صندیت کے کیا معنی جس جال میں کہ وجود شکل وصورت سے ممکن کے ظہور کیا ہے۔ اور عین ممکن کا ہوا اسی حال میں بغور خوب لحاظ کرو عدم کو عدم غیر وجود کا ہے۔ اور دیکھو وجود کو وجود غیر عدم کا ہے تو صند شئے کا عین شئے کا ہوا باوجود صندیت کے۔ مسئلہ ہر شئی مطلق کا صند شے کا جب عین شئے کا ہو تو یقین ہے کا البتہ ہر شے مطلق ہووے گی یعنے بیقید نظر کرتی وجود کے کیونکہ 33 وجود بیچوں اور بیچگونہ ہے یعنی جسوقت کہ وہ بیچوں اس چوں نہ چگوں کے ساتھ ہوا۔ اور عین اس چوں نہ چگوں کا ہوا۔ ہر شئے شئے بنی نہیں تو حقیقت ہر شے کی کچھ بھی نہیں تھی۔ پس ہر شئے شئے وجود ہے۔ اور شئے نام وجود کا ہے۔ وگرنہ ہر شئے دراصل لاشئے ہے۔ کمیت اور کیفیت کے سوائے جو تعیّن اور تقید اور تشخص ہر شئے کا ہے میں سوائے وجود کے اور کچھ نہیں پایا جاتا ہے۔ اس روسے ہر شئے مطلق ہے اور ذات کے روسے جو تعین اور تقید ہے۔ ہر شئے مقید ہے۔ بیت

پردے کو تعین کے درِ دل سے اٹھادے

کھلتا ہے ابھی پل میں طلسمات جہاں کا

معیت ذاتی حق کی سات اشیاء کے جو مجہول الکیف ہے۔ سوائے غیریت حقیقی کے معیت خدا کی ساتھ بندے کے ثابت نہیں ہوتی۔ کس واسطے کی پہلے دو چیز پائے جائیں گے۔ تو ایک چیز ایک چیز کے ساتھ ہووے گی۔ جب دو چیزیں نہ پائے جائیں گی تو ایک رہی۔ ایک ایک ساتھ کیونکر ہوگی۔ معیت حق کے ساتھ بندہ کے ایسی نہیں جو معیت جوہر کے ساتھ جوہر کے جیساکہ ایک شخص ساتھ ایک شخص کے مل بیٹھا یا ایک شئے ساتھ ایک شئے کے ملے۔ جیساکہ دیوار کے ساتھ چونہ یا گچ یا کاغذ پر حرف یا گنبد پر سونا اور ایسی بھی نہیں جو معیت عرض کے ساتھ عرض کے جیساکہ ایک رنگ دوسرے رنک کے ساتھ ملایا ایک بو دوسری بو کے ساتھ ملی اور ایسی بھی نہیں جو معیت جوہر کے ساتھ عرض کے ساتھ عرض کے جیساکہ ایک سفید کپڑا اسرخ ہوگیا۔ یا سیاہ ہوگیا اور ایسی بھی نہیں جو معیت عرض کے ساتھ جوہر کے جیساکہ خوشبو یا بدبو بیچ کسی شئے کے یا کوئی چیز بے مزہ تھی پہلے بعد معیت وجود کے ساتھ اسکے ہوئے بلکہ معیت حق کے ہستی کے ساتھ حقیقت ہر ایک شئے کی جیسی جیسی حقیقت اس شئے کی ہے تیسا ہی اس

اس شئے کی حقیقت کے ساتھ ہستی حق کی ہے۔ معیت حق کی بندہ کے ساتھ باالذات ہے نہ فقط علم وقدرت سے معیت حق سبحانہ کی ساتھ تمام اشیاء کے ذات سے ھے۔ یعنی حق کی ذات ساتھ سب کی ذات کے ہے۔ پس اس معیت سے معلوم ہواکہ ماہستیاں ہماری عارض وجود کے ہوے اور موجوہ معروض ہوا کیسا ؟ جیساکہ صورت تیری 34 - روبرو آئینہ کے درپیش آئینہ کے ہوے اور آئینہ معروض ہوا اگرچہ ازروے جس یہ معلوم پڑتا ہے کہ وہ صورت عارض آئینہ کی ہے۔ جیساکہ رنگ وبو عارض گل کا اور گل معروض اوسکا لاکن وہ۔ صورت تیری عارض آئینہ کی کیونکر ہوگی نہ سطح میں آئینہ کے قائم ہے۔ نہ بیچ آئینہ کے حال ہے بلکہ وہ صورت کو سات آئینہ کے یک نسبت ایسی کہ خاص ہے جو اسکو نسبت خاص غیر معقول اور مجہول الکیف کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ کیفیت بوچھنے میں نہیں آتی ہے۔ علم نسبت اسی تمثیل سے حاصل ہوتا ہے۔ مگر شہود اسکا موقوف ہے۔ اوپر کشف کے الحاصل آئینہ اس نسبت سے سبب صورت کی نمائش کا پڑا۔ آئینہ کا کام اتنا ہے۔ کہ جب صورت عارض ہووے تو صورت کو بتلادینا سوائے اُسکے کچھ نہیں اگر مقابل سے شخص کی۔ تصویر کے آئینہ دور ہوجاویں تو نمایندگی یعنی صفت بتلانے کی زایل ہوتے ہی اور کچھ نقصان یا تغیر یا تبدل آئینہ کی ذات کو نہیں ہے۔ ایسا ہی ہر ہر ماہیت اور حقیقت اور ذات ہر شئے کی جب عارض ہستی حق کی ہوہ تو مقتضا ہستیٔ حق کا یہی ہے جو اس صورت کو خارج میں ظاہر کردینا یعنی عالم شہادت میں اور نیکیاں اور بدیاں اور تمام حرکات اور سکنات یعنے پیدا ہوا جب سے بلکہ لغایت سی روح کی پیدائش کی ابد تک جو جو احکام اور آثار اور افعال کہ اس سے صادر ہوتی ہیں یہ سب چھتاپن اسکی ذات کا ہے۔ ہر ہر ماہیت کو سات اسکے خواہشوں کے ظاہر کردینا یعنی اس کو اور اَسکی خواہشوں کو غور میں لانا اور قایم اور موجود کردینا یعنی اس کو اور اسکی خواہشوں کو غور میں لانا اور قایم اور موجود کردینا

وُجوْدُنَامِنہُ وَقِیَامُنَابِہٖ یعنے ھے پن اور قیام ہمارا ہستی حق سو ھے قولہ تعالے وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ یعنی حق سبحانہ نے پیدا کیا۔ اور یہ بات نہیں ہے کہ ہستی عارض صورتوں کی ہووے اور صورتاں معروض ہوئے جیسا کہ رنگ اور بو عارض گل ک وہو اور گل معروض اور وہ رنگ وبو ہمیشہ گل میں قایم ہے یعنی بیچ سطح اور ضمن کل کے قایم ہے جس وقت کہ وہ رنگ وبو گل کی زایل ہوتی ہے۔ گل تیغر ہوتا ہے۔ رنگ وبو گل کے سبب گل کی تغیر کا ہے۔ اور نو پیدا ہے۔ اور تغیر صفات کے سبب گل کی ذات کے کمال اور زوال پانے کا ہے کیونکہ اگر ہستی عارض اور اعیان معروض ہووے تو صفت اسی سیکہ ذاتی وجود کی نوی ہوتی ہے۔ اور

جب وہ صورت ماہیت کے زائل ہووے تو وہ صفت وجودی بھی زایل ہونا لازم پڑتا ہے۔ یعنے جس وقت کے ہستی عارض کے ہووے۔ جیساکہ رنگ وبو عارض گل کو ہونے سے کمال گل کے وجود کا ہے اور زوال رنگ وبو کا موجب گل کے زوال کا ایسا ہے جب وجود عارض اور اعیان معروض ہووے تو اعیان خارجی زوال پانی سے ہستی بھیجی۔ زوال پانا لازم آوے گا۔ اور یہ بات غیر ممکن ہے کیونکہ ہستی کو کسی وقت زوال نہیں ہے۔ ہستی آگے سے موجود ہے۔ بعدہ واعیان عارض وجود کو ہووے۔ عارض ہوتے ہیں وجود انکو ظاہر کردیا اور پیر ومرشد ہماری بیت قبلتنا کعبتنا مولنا افضلنا اکرمنا اولنا حضرت سیدی سندی ابی استادی شاہ کمال اللہ والدین چشتی علیہ رحمہ اللہ السر مدی فرماتے ہیں۔ فایدہ بوج توکہ صفت نمایندگی یعنی شئی کو۔ بتلانے کے بیچ آئینہ کے مانند ذات آئینہ کے قدیم ہی یعنے اس وقت سے جو ذات آئینہ کی ہے صفت شئے کو بتلانے کے بیچ اس کی ثابت اور قایم ہے کیونکہ ذاتی یک چیز کا یک چیز سے جدا نہیں ہوتا اور نور پیدا ہونا اور متغیر ہونا اوسکا محال ھے لاکن ظہور نسبت کو آیئنہ کی نمایندگی کو اور شئے کی نموداری کی نو پیدا ہولاجائے کس واسطے کے جب تک کہ تو بیچ آیئنہ کے نہ دیکھے تو ظہور نسبت مذکور کا صورت نہ باندیگا۔ ایسائے نسبت معیت یعنی قابلیت حق تعالیٰ کی وجود کی ظاہر ہونے کے ساتھ ذاتی صورت ماہیات کے صفت وجودی اور حقیقی ذات حق کی اور قدیم ہے۔ لاکن ظہور کو نسبت مذکور کے بیچ خارج حادث کہاجائے پس عارض ہونے کے تیئس ماہئیت کی خاص وجود کنتیں حق کی اور ظاہر ہونے کنتیں۔ وجود حق کی ساتھ صورت ماہیت کے من حیث حی جی معیت ذاتی حق کے کہتے ہیں۔ مصراع اعیان ہیں عارض اور معروض وجود حق پس وجود کو حق کے آیئنہ سمجھ اور قابلیت کنتیں اوس وجود کے ظہور کے ساتھ صورت ماہیت یا ماہیات کی نسبت۔ اسیکہ خاص اسیکیہ مجہول الکیف درمیانی ماہیات کے اور صفت حقیقی آیئنہ کی جو نمایندگی ہے۔ قیاس کر اور معیت مذکور یعنی عارض ہونے کتیئں ماہیات کے وجود کتیئں اور ظہور وجود کتیئں ساتھ صورت ماہیات کے مانند ظہور نسبت مذکورہ کے درمیانی صورت اور آئینہ کی جان اور ماہیات اشیاء کنتیں مانند شخص اور اصل کے سمجھ اور اشیاء موجود ہیں۔ خارج میں انکو مانند عکس کے پہچان اور یہ شخص اور عکس آپسمیں عینیت حقیقی رکھتی ہیں۔ اور غیریت اعتباری تمام ہوا۔ مرشد کے فایدہ کا حاصل کہ معیت اور احاط حق کا ذاتی ہے۔ یاتھ تمام کائنات کی کیا مجردات کیا جسم کیا جسمانیات جتنے مراتب امکان کی ہیں اور اس معیت پر دلیل ہے۔ وھومعکم اینما کنتم یعنی اللہ تعالے ساتھ تمھارے ہے جس جائے کہ رہوگے تم اور نحن اقرب الیہ من جبل الورید یعنے ہم نزدیک

تربیں۔ بندہ سے شہ رگ سے گردن کے اور ان معی ربی سیھدین یعنی تحقیق ساتھ میرے ہے رب میرا۔ قریب ہے کہ ھدایت کرے گا میری تیئس اور واللہ بکل شی محیط اللہ تعالےٰ گھیرے ہوے ہے ہر شئے کنتیں اور حدیث اَفضل ایمانَ المَر اَن یعلم اَنَ اللہ مَعُ حیثُ کانَ اگرچہ عقل وقیاس میں نہیں آتی یہ مراتب عقل وقیاس سے بالا ہیں۔ بیان ایمان حقیقی جس ایمان کے باب میں حق سبحانہ تعالیٰ نے فرمایا یا ایھا الذین اٰمنوا امنوا اے وہ لوگ جو ایمان لائے ہو تم پھر ایمان لاؤ یعنے جو لوگ کہ ایمان شرعی اور مجاری لائے ہیں۔ ایمان حقیقی لاؤ۔ افضل ایمان یہ ہے جو بوجھے اللہ تعالیٰ ساتھ اپنے ہے۔ جس جگہ کہ آپ رہے ایمان حقیقی بھی ہے جو حق کو اور بندہ کو اور معیت کو اُسکے ساتھ ثابت کرے اور ایمان ان تینوں چیز پر لاویں۔ یعنی ذات کو بندہ کے اور ذات کو خدا کے اور معیت کو خدا کے ساتھ بندہ کے ثابت کری اول ایمان شرعی حاصل کرنا یعنی لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ مُحمد الرسُول اللّٰہ منہ سے بولنا اور اُسکی معنی کو دل سے سچ جاننا۔ اسکی معنی یہ ہے لَا اِلٰہ نہیں ہے کوئی بندگی لینے والا سوائے خدا کے اِلَّا اللہ مگر اللہ تعالےٰ محمد رسول اللہ محمد بیشک پیغمبر اللہ تعالیٰ کے ہیں۔ پہلا ایمان شرعی یہی ہے بعدہ مرشد کامل سے ایمان حقیقی حاصل کرنا ایمان حقیقی یہ ہے۔ اول کلمہ حقیقت کا پڑھنا اور اوسکی معنی دل سے سچ جاننا کلمہ۔ حقیقت کا یہ لاموجود الا اللہ المحمد موجود بوجود اللہ یعنی۔ لا الہ نہیں کوئی موجود اللہ مگر اللہ تعالےٰ محمد موجود بوجود اللہ محمد موجود ہیں۔ ساتھ وجود اللہ کے یعنی سوائے حق کے دوسری کوئی۔ شئے موجود نہیں ہے۔ ہر شئے کو وجود حق کا ہست اور موجود کیا ہے۔ اور محمد پہلا ظہور ذات کا ہے۔ بیت وجود محمد وجود خدا ہے۔ نہ ہرگز محمد خدا سے جدا ہے۔ یعنی حق آپ ظاھر ہے صورتوں سے دونوں جہاں کے بلکہ دونوں جہاں موجود ہے ساتھ وجود حق کے اس بیان کو زبان سے مرشد کے سننا تب علم الیقین حاصل ہوتا ہے بعدہ کوشش سے اپنی اور عنایت سے حق کے عین الیقین اور حق الیقین کے مرتبہ کو پہونچنا بھی علم الیقین ایمان حقیقی ہے۔ مگر اپنی طرف سے بھی یہ کوشش ضرور ہے کیونکہ حدیث شریف میں آیا ہے مَن جدَ فوجَدَ جو شخص کہ کوشش کیا پس پایا السعی منی والاتمام الی اللہ یعنے کوشس میرے طرف سے اور تمامیت اللہ تعالےٰ کے طرف سے۔

بیان کفر حقیقی۔ یہ ہے کہ اپنے کو حق میں چھپا دیوے۔ اور حق کو ظاہر کریں۔ یعنی اپنے ہے پن کو حق کے ہے پن میں اور اپنے میں پن کو حق کے میں پن میں اور اپنے صفتوں کو حق کے صفتوں میں چھپا دیوے۔ اور کم کریں اور حق کو ظاہر کریں۔ بیت

کفر حق پوشیدن خویش است اندر ذوالمتین وکفر باطل پوشش حق است اندر خویشتن ،،

یعنی ہمہ اوست ثابت کرنا کفر حق اہل ظاہر کے پاس جو قابل ہمہ از وست کے ہیں ایمان حقیقی ہے کیونکہ انکی یہاں ہمہ اوست درمیانی ہمہ اوست کے ثابت ہے ۔ کونکہ ہمہ کہتی ہے ذات عالم کی جو عدم ہے ثابت ہوئے ۔ وہ کہنے میں ذات حق کی وجود ہے ثابت ہوا پس ہمہ اوست کیا معنہ کہ سب عالم بذاتہٖ نیست اور نابود تھا ۔ بھلا وہ اب بھی نابود کا نابود ہے ۔ کیونکہ جو چیز کے تین کبھی ہے ۔ نین ہوتی اور جو چیز کہ نہی کبھو نہیں ہوگی ۔ تو عالم اب بھی نین کا نین ہے ۔ مگر حق سب عالم کی ذات اور صفات اور افعال اور آثار کو اپنی ذات اور صفات اور افعال اور آثار سے بدل گیا ۔ اور آپ اس نسبت کی صورت سے جلوہ گر ہوا ہے تب صورت نسبت کی نمود میں آئی تو سب وہی ہوا ۔ رباعی

اس سخن پر دلیل ہی حاضر　　دیکھ قرآن میں ہوالظاہر
ھی ہوالاول وھوالاخر　　پڑھ ھوالباطن وھوالظاہر
باوجود اس دلیل کے نادر　　قابل ماومن ھوا کافر

اور میں اور تو کچھ کہیں ٹھکانا نہیں ہے ۔ اور یہ میں تو کہنا محض وہم اور خیال اور غفلت کے سبب سے ہے تو کفر اُن کا ان کے پاس ایمان ہو ۔ بیت

آیانہ کہیں جہاں کا تاں ہے　　ایک حشت پلیٹ درمیاں ہے

جیساکہ پیر و مرشد اس فقیر کے حضرت شاہ کمال اللہ حسینی الچشتی قدس سرہٗ فرماتی ہیں بیت

عین ایمان حقیقی کفر حق　　کفر باطل غیر ایمان نین سونین
مسجد میں جانماز کو مست شراب ہو　　تحصیل دین نہ کفر حقیقی بغیر کر

حق سبحانہ دو جہاں کے شکل وصورت سے آپ ظاھر ہے جس حال میں کہ ظاہر ہے اسی حال میں پھر بیچوں بیچگونہ اور بے رنگ اور بے نمونہ اور پاک اور مطلق ہے نہ کہ ذات اور حقیقت دونوں جہاں کا حق آپ ھوا ہے حقیقت حق کی جو وجود ہے حقیقت عدم کی جو، نیت ہے کیونکر ہویگی کیونکہ وجود اور عدم دونوں ضد ہیں الضدان لایجتمعان یعنی دو ضد نہیں جمع ہوتے ہیں اگر ذات وجود کی ذات عدم کی

ہوگئی تو قلب حقایق لازم آتا ہے اور وہ محال ہے مگر ہست نے جب صورت سے نست کے تجلی کیا ۔ ہست نیست نما ہوا اور نیست ہست نما ہوگیا ۔ نہ حقیقت اور ذات ہر یک بدلی ۔

بیت از ہمہ در صفات وذات خدا　　لیس کمثلہٖ شیئٌ ابداً بیان رویت مطلق ہر شئے میں حق کو دیکھنے کو دیدار مطلق رویت مطلق کہتے ہیں یعنی اپنے پر اور جس چیز پر کہ نظر اپنی پڑی بیشک وشبہہ یہی سمجھی کہ میں اور وہ شئے در اصل نین ہے میرے اور اس شئے کی شکل وشباہت سی حق آپ ظاھر ہے یعنے ذات مجھے نین اور انیت مجھے نین اور صفات مجھے نین ہے پن اور میں پن اور صفتان میرے میں جو پائے جاتی ہیں سو سب حق کے ہیں بے پن حق کا جو باطن تھا میں پن ہوا اور میں پن صفتان کے صورت سے ظاہر ہوا ہر ہر صفت کا ظہور ذات سے ہوا یعنی وہی ایک روح ہے کہ کان میں سمع کی صورت لیا اور چشم میں بصر ہوا ۔ سات جگہ سات صفت کے لباس سے وہی ایک روح ظاہر ہے نظر کرتی ہر ہر صفت کے اور شان کے یک یک نام پایا ۔ مگر حقیقت میں اَنَا ایکی ہے اَنا حق کا ہے ۔ جس کو وحدت اور برزخ کبریٰ کہتے ہیں ۔ جو منم یعنی میں ہوں کر کر اپنی ذات کو آپ جو پہچانا تھا ۔ قول تعالےٰ شَھِدَ اللہُ اَنہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ گواھی دیا اللہ تعالیٰ نے اس بات پر کہ نین ہے کوئے موجود مگر وہی اور وہی ایک اَنا ہے جو میں میں کا دم مارتا ہے ۔ مرتبہ وحدت میں جیساکہ وہی ایک اَنا کہتا ہے ۔ مثنوی در اختلاف اَنا کہ در اصل ایک است ۔

میں شہنشہ ہوں اور میں درؤیش　　میں ہوں دلشاد اور میں دل ریش
میں سکندر ہوں اور میں دارا　　میرا محکوم ہے جہاں سارہ
میں یگانہ میں اجنبی میں خویش　　میں ہوں بدخواہ میں ہوں خیر اندیس
میں ہوں شیریں میں خسرو پرویز　　میں ہوں فرہاد میں ہوں تیشہ تیز
میں ہوں کرسی میں آسماں میں خرس　　میں ہوں گاؤ زمین میں حاصل عرش
میں ہوں پانی میں خاک میں بارا　　میں ہوں آتش میں گل میں انگارا
میں گہر میں ہوں لعل میں خارا　　میں ہوں سورج میں چاند میں تارا
میں پری میں ہوں آدمی میں حور　　میں ہوں ابلیس میں نبی کا نور
میں نبی میں رسول میں جبیرئیل　　میں ہوں موسیٰ میں نوح میں ہوں خلیل
میں محمد ہوں سب کا سرور ہوں　　مرسلوں کا امیر لشکر ہوں

میں ہوں صدیق دادگر ہوں میں — میں ابوبکر اور عمر ہوں میں
میں حسن میں حسین میں ہوں علی — میں خدیجہ میں زہرا بنت نبی
میں انس میں زبیر میں عثمان — میں قشم میں بلال میں سلمان
باغ میں باغبان میں اور گل میں — سرو میں اور سمن میں سنبل میں
غنچہ گل شاخ و برگ بلبل میں — تخم عیں میں شجر میں جز کل میں
تھا یہ مذکور حضرت تشبیہہ — سن لئے اب شان رتبہء تنزیہ
وہ اَنا پایا جیتنے نام وہاں — اتنی ہی ناموسی ہے کام یہاں
کہتا ہے میں قدیم میں واحد — میں صمد میں بدیع میں واجد
میں غنی میں جلیل میں سبحان — میں غفور ور حیم میں رحمٰن
میں خداوند اور میں خالق ہوں — میں ہوں روزی رساں میں رزاق ہوں
میں حکم میں حکیم میں آمر — میں خدا میں الٰہ میں فاطر
میں تو ہوں یم دین کا مالک — اَنا باق وَکل شَئیِہالک
جب کہتا ہے تخم میں ہوں تخم — موڑا آگے پر کہے میں نیں ہوں تخم
موڑ اگتی وہ موڑ ہوں بولا — کھول لب یوں نبات کو گھولا
جب کہ بیج اور شاخ اوگنی لگا — تخم میں بیج و شاخ کہنے لگا
جب تلک برگ و غنچہ رہتا ہے — میں ھوں برگ اور شگوفہ کہتا ہے
وہ انسیت اگرچہ ظاہر میں — نظر آوے بہت مظاہر میں
لیکن ایک اصل میں ہے ونا دو — پاک کنتے سے تو سمجھ اس کو

طریق دوسرا انبت کی دریافت کا موافق مضمون حدیث کے اَن فیی جرِ ادمَ مضغۃٌ وفی المضغہ قلبٌ وفی القلب فؤادٌ وَفِی الفوَادروحٌ وفی الرّوح سرٌ وفی لیسّر نورٌ وفی النّور اَنا یعنے بیچہ جسر ابن آدم کے مضغہ ایک ھی اور بیچہ مضغہ کے قلب اور بیچہ قلب کے فواد اور بیچہ فواد کے روح اور بیچہ روح کے سر اور بیچہ سر کے نور اور بیچہ نور کے اَنا اَنیت علمی ان مثالوں سے معلوم ہوئی ہے یعنی علم الیقین بھی حاصل ہوئیگا ۔ اور یقین ہو ویگا تیری تیئں کہ وہی ۔ انسیت حق کے بیچ میرے اور تیرے ظہور کرے ہے ۔ اور یہ

انسیت سوائے حق سبحانہ کے کسی کو لائق نہیں اور سزاوار نہیں ہے ۔ نسبت اَنا کے سوائے حق کے طرف اپنی بالکل نہ کرنا میں نین ہوں حق موجود ہے ۔ جانتا اگر میں بھی موجود ہوں ۔ حق بھی موجود ہے ۔ جاتا تو شرک ہوتا ہے ۔ قولہ تعالےٰ اَنَ اللہ لایغفر مادُوْن ذالک لمن یشاء تحقیق اللہ تعالےٰ نہ بخشے گا جس کی تیئں کہ شرک لاوے بیچہ ذات اوسکی اور بخشیگا سوائے شرک کے جس کو باقی سب گناھوں کو جس کو کہ چاھے دیدار مطلق مراقبۂ نظرہ رویت مطلق یہی ہے ۔ کہ انہی طرف یا جس طرف کہ نظر اپنی پڑے یہی سمجھے کہ حق موجود ہے ۔ قولہ تعالےٰ فَاینما تولّوا فثم وجہ اللہ یعنی جدھر دیکھو گے تم جہاں کہ تمھاری نظر پڑے وہاں ذات خدا کی موجود ہے کیونکہ پہلے جو نظر میں آتا ہے سو حق ہے قول شیخ اکبر رحمہ اللہ الحق محسوسٌ وَالخلق معقولٌ جو کہ پانچ حِس یعنی سامعہ ، باصرہ ، شامہ ذایقہ ، لامہ یعنی سُننا ، دیکھنا ، سونگھنا ، چاکنا ، لگنا یعنی جو کہ بدن کو لگی نرم یا سخت یا گرم یا ٹھنڈا ہے ۔ کر کر پہنچانے والا ان پانچوں حس میں جو کہ آوے سو حق ہے اور جو کہ عقل میں آتا ہے سو خلق ہے ۔ جدھر نظر اٹھاویں اُدہر دیدار حق کا موجود ہر شئے میں حق کو دیکھے ۔ شے پنے کو نیں سمجھے اور حق ہے سمجھے یعنی شئے میں شئے ذات حق ہے ۔ پس ہر شئے حق ہے اول حق دستا ہے اور شئے جسے بولتے ہے سو تعین اور تشخص اور مکبّت اور کیفیت اور چونوچگوں ہے جسکو نجوبی بود بولتی ہیں ۔ یعنے اسی شکل وصورت کو نمود ذات سے حق کی ہے ۔ اور بذات اسکو بود نہیں خار حمین مگر ذہن میں ہے چونوچگوں کتیں شی کے موجود ذہنی کہنیکی نہ موجود خارجی پس موجود علمی اور ذہنی کو کیا اعتبار ہے اور خیالی صورتاں کو کیا اختیار ہے ۔ پس ہر شئے میں حق کو ایسا دیکھے جیسی حقیقت اور ذات اوس شے کی ہے ۔ لہو بہو یعنی جیسی جیسی شے ہے ویسی ویسی صورت سے بعینہ ذات حق کی سات اوسکے ہے بال بال روں روں کے ساتھ ایک تِل برابر جائے کہیں چھوٹے ہویگی ۔ فیض سے ہستی حق کے سات پن کے پھر دیکھو تو ذات حق کی نہ داخل تن میں ہے نہ خارج تن میں نہ خارج تن سے نہ داخل روح میں ہے نہ خارج روح سے بلکہ ہر ہر شئے کی صورت سے حق آپ ظاہر ہو کر پھر بیچوں وچگونہ بے شبہ بے نمونہ اَلاٰن کَما کانَ ہے یعنی جیسا کہ آگے سب عالم کے پیدا ہونے کے تھا اب بھی ویسا ہی ہے بیت ھر شئے اللہ ھے کر یقین وھر کمالی دوبن کے گمانو آپ کو کر خالی ہر شئے اللہ ہی کیونکہ شئے نام وجوہ کا ہے سوائے وجود کے جسم کی حسمیت شے کی شئیت نہ پایا جاویگی لنبائی اور چوڑائی اور ڈونگائی جس میں پایا جاوا وسکو جسم بولتی ہیں سوائے وجود کے تینوں چیز کہاں پائے جاتے ہیں ۔ یعنی فقط صورتاں مردونکے یا غائبوں کے جو نظر میں ہیں یاد لمیں ثابت ہیں ان صورتاں کے سریکی دونوں جہاں کے صورتاں اور تصویراں علم میں حق کے ثابت

ہیں اور رہینگے بھی خالی تصویراں کی جن کو ثبوت علمی ہے خلق کہتے ہیں اب دونوں جہاں جیسا علم میں ثابت تھا تیسا حق کے وجود سے ظاہر ہوا ہے یعنی ذات حق کی سب کے صورتاں سے ظاہر ہوئے ہے۔ علم میں جو تھے سو باہر آئی ہیں جیسا جوایر شمشیر سے باہر آئی ہیں اور ظاہر ہوئے بیت صورت علمی و شکل خارجی بیکم و افزو دیک ہی دو نہین جب سب کے صورتاں اور شکلاں سے حق آپ ظاہر ہے تو جب نظر اپنی پر پڑی تو بھی سمجھے کہ میں نین ہوں۔ حق موجود ہے یا اور کوئی چیز پر نظر پڑے یعنے اس تن کے طرف جو نسبت میں پن کی لگا کر میں میں جو کرتا ہوں سو غلط ہے دراصل کوئی نین یعنی یہ میں تو سب نین ہے۔ اور جو ہے سو حق ہے حق موجود ہے شکل و صورت سے کیا اپنے کیا ہر شئے کے حق موجود ہے۔ اس دیدار میں شب و روز مست اور مدہوش رہے بیت نہ تنہا میں ہوا ہوں قال سے مست ہمیشہ ہوں شراب حال سے مست اسی کو رویت کہتے ہیں مسئلہ ہر شئے مظہر ہوئے جیساکہ آسماں یا عرش یا کرسی یا بہشت یا دوزخ یا زمین یا دریا یا صحرا اور سوائے انکی یا چھوٹی چیز جیساکہ دانہ خشخاش یا دانۂ رائی یا ذرہ یا ریزہ یا اور سوائے انکے ذات سب میں تمام ہے یعنے حق سبحانہ تعالیٰ جو ظاہر ہوا ہے ہر شے کی صورت سے ہر شئے کے ساتھ ذات تمام ہے۔ حق کی تمام ذات آسمان کی صورت سے ظاہر ہے اور تمام ذات دانہ خشخاش کے صورت سے بھی ظاہر ہے۔ عرش کرسی لوح قلم خاک، پانی، آگ، باد، انسان حیوان شیطان کیا دانۂ خشخاش اور دانۂ رائے دونو جہاں میں جتنی کہ اشیاء ہیں سب یک یک مظہر ہیں مظہر کے معنی جائے ظہور یعنے حق کے ظاہر ہونے کی جگہ اتم کے معنے تمامتر یعنے ہر شئے جائے ظہور ہے تمام حق کی ذات کا نہ آدہی ذات بعض میں اور آدہی بعض میں اگر رائی کے دانہ میں تھوڑا اور پہاڑ میں بہت اسطرح سے سب چیزوں میں ہووے تو بانٹی گئی۔ جب ذات بانٹی گئی تو مثل جسم کی ہوئی جب جسم حق کو ہوا تو حق بھی بندہ ہوا خدا نہوا جیساکہ گاؤ بائیاں ڈالے بعد کہاں ہے بائیاں میں ہے سوائے بائیاں کے علیحدہ نہ رہی خدا کی ذات ایسی نہیں سب میں سب کی ساتھ ہو کر پھر جدا اور علیحدہ بے چون و بیچگونہ ہے ذات حق کی بے جسم ہے۔ مگر جسم لطیف میں جسم لطیف کی صورت سے اور جسم کثیف میں جسم کثیف کی صورت سے بعینہ ظہور کیا ہے۔ اور عین ہر جسم کا ہوا ہے۔ اور دل میں دل کی صورت سے اور روح میں روح کی صورت سے عین ہر ہر کی ہو کر تمام ذات ظہور کرے ہے۔ جب ہر شئے میں اسکا ظہور تمام ہوا تو ہر شئے مظہر اتم ہوئی یعنے روپ تمام پائی ہے۔

رباعی

اے روپ تیرا رتی رتی ہے — پربت پربت پتی پتی ہے
پربت میں اَدہک نہ کم پتی میں — یکسار ہی راس اور رتی میں
بیت گرچہ لا انتہا مظاہر ہے — ایک ہستی سبھوں میں ظاہر ہے

بڑی شئے دوری کے سبب سے جیساکہ چھوٹی دستی ہے ایسا ہی ذات حق کی ہر مظہر میں جو یک آئینہ ہے ذات کے ظہور کا اس مظہر کے موافق نظر آتی ہے جیساکہ ہر یک آئینہ میں منہ موافق اس آئینے کی دستا ہے جیسا پانی یک مظہر ہیں اسمیں الٹا تلوار میں لمبا اور آئینہ حلبی میں جیسے ہے ویسا بغیر تغیر اور تبدل کے دستا ہے۔ ایسا ہی ذات صفات میں موافق صفات کے۔ ذات موافق ہر تعین ظہور کردہ است اور افعال میں موافق افعال کے اور آثار میں موافق آثار کے لیکن بغیر انقلاب کے کیونکہ یہ سب مظہر اں یعنے آئینہ میں ذات کے ظہور کی پس ہر شئے میں تمام ذات نہیں تو بانٹی گئی جب بانٹی گئی تو سوائے اشیاء کے علیحدہ نہ رہی۔ تغیر و تبدل پائی۔ تعالےٰ اللہ عن ذلک حق کی ذات ساتھ سب کے ہے اور سب سے علیحدہ جیسے بے چون و بیچگونہ بے رنگ بے نمونہ پہلے تھی اب بھی ہے پس ہر شئے وجود ایساکہ تمام پایا ہے لیکن دوری اور فرق کے سبب سے وجود کل میں کل جز میں جز۔ نظر آتا ہے اور ذات کا مظہر اتم اور اکمل اول محمد علیہ السلام ہے اَنَا مِن نُورِ اللہ وَکُلُّ شَئیٍ مِن نوری یعنے تمام ذات محمد میں اور محمد تمام ہر شئے میں ہے اور انسان مظہر خاص ہے تو اپنے کو پر تو اور عکس ذات کا سمجھ اور اپنے کو دیکھ کہ ذات تجھ میں ہے اور تو ذات میں پس تو اپنی سو آپ مشغول رہ کہ وہ مشغولی خدا کی ہے اور اپنا عارف اور عاشق آپ ہو کہ تجھ میں سوائے حق کے کچھ نہیں یعنے تو نہیں بلکہ تجھ میں خدائی ہے کہ۔ وفی انفسکم افلا تبصرون بلکہ اور ذاتوں میں تمہارا اس ظرفیت اور مظروفیت اور در دبرسی گذر جا ذات اللہ تعالےٰ کی بہت بڑی ہے جس کو اللہ اکبر کہتے ہیں یعنے اللہ بہت بڑا ہے لاکن ہر شئے کو شیئت تقید ذات کا ہے۔ ذات خدا کی دوری کے سبب سو چھوٹی میں چھوٹی بڑی میں بڑی موافق۔ صفات اور افعال اور آثار کے نظر آتی ہے۔

مسئلہ اندراج شئے در شئی اے عزیز شئی نام وجود کا ہے ہر شئے میں شئے وجود ہے جیساکہ جماد اور

نبات میں جمادیت اور نباتیت اور صفت میں ہے۔ یعنی پتھر اور موڑکوں میں سخت پنا اور بڑھنا صفت ہے اور اینت یعنے میں پن پتھر میں میَں پتھر ہوں اور جھاڑ میں میَں۔ جھاڑ ہوں کر کر جو سمجھتا ہے وہ انیت وجوہ حق کا ہے۔ معنے اَنیّت انیت ہے اور باعتبار صفت عبدیت کے اپنے کو مَیں بندہ ہوں کر کر سمجھنا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس باعتبار صفت گھٹ پنے کے اپنے کو میں پتھر ہوں کر کر۔ جانتا ہے اور باعتبار صفت بڑھنے کے اپنے کو میں موڑ ہوں کر کر جانتا ہے۔ پس اس نظر سو ایک شئے دوسری شئے میں مندرج یعنے داخل ہے پتھر جھاڑ میں اور پانی انگار میں کیونکہ یہ سب فرق اور جدائی اور امتیاز صفتوں کے سبب سے جو ہر ہر صفت کے نظر کرتے وہی ایک ذات جو موجود مطلق اور موجود مستقل ہے یک یک نام علیحدہ پائی ہے۔ اصل میں نام ذات مع الصفات کو بولتے ہیں۔

اشعار - من مرشدی -

اسم یک شئی ہزار قسم ہوا	کین ہوا گنج کین طلسم ہوا
ذات حق ہر صفت کے طور میں آ	آپ کو کر ظہور اسم ہوا
جوں کہ ہر حرف نقطہ سے نکلا	مل کے ب س م یسم ہوا ہے
کل اطوار جمع کر یک جا	اسم جامع ہوا و جسم ہوا
جسم کو اے کمال آس رو سے	عین حق بولنا نہ اسم ہوا

پس جیسا ذات کو یک صفت کی ساتھ دیکھو وہی نام ہوتا ہے۔ جیساکہ ذات صفت رحم کی رکھنی والی کہتے ہے رحیم نام ہوا اور ایک ذات صفت قہر کی رکھنی والی کہتے قہار نام ہونا اور ایک ذات صفت وجود کی رکھنی والی کہتے اللہ نام پائی اور ایک ذات صفت قدامت کی رکھنی والی کہتے قدیم نام پائے اور ایک ذات صفت نیستی اور نو پیدائی کی رکھنی والی کہتے بندہ اور حادث اسم پائی جب وہ یک ذات اتنی صفتوں سے موصوف ہیں تو بہی سمجھنا کہ ذات یک ذات کے ساتھ جس وقت میں موصوف ہے۔ تو دوسری صفت میں تیسری صفت بدستور نہاتی صفتان بھی اس ذات میں موجود ہیں۔ ہر شئے کی ذات جدا اور صفت بھی جدا جدا نظر آتی ہے۔ غلطی ہے اصل میں صفت جدا جدا اور ذات ایک ہی ہیں۔ یہ سب صفتاں اس یک کے ہیں۔ جس شئے میں جس صفت کے ساتھ وہ ذات پایا جاوے تو یقین سمجھنا کہ صفتاں اس شئے میں

موجود ہیں۔ کیونکہ وہ ذات جو جمیع صفتاں کے ساتھ موصوف اور موجود ہے۔ اس ذات میں سب صفتاں مندرج اور مستجن اور مبطن ہیں اسکو اندراج شئی در شئے بولتے ہیں۔ یعنی داخل ہونا ایک شئے کا بیچ ایک شئے کے۔

مسئلہ تجدد امثال تجدد امثال کے لفظی معنے نو پیدا ہونا مانندوں کا یعنے ہر لحظہ ایک دنیا فنا ہوتی ہے اسی آن میں دوسری دنیا یعنہ جیسی کہ پہلی تھی ویسے پھر نوی پیدا ہوتی ہے۔ بیت ص

ہر زمان نو می شود دنیا وما	بے خبر از نو شدن اندبقا

یعنے جس آن میں کہ فنا ہوتی ہے۔ اسی آن میں پھر بقا پاتی ہے ایسے کچھ جلدی سے جو معلوم نہیں ہوتا کہ فنا ہوئی۔ قول تعالیٰ اُلجبالُ تجسهٗا جامِدۃِ وھِی تمر مرُ السحابِ یعنے پہاڑوں گمان کرتے ہیں تو ان پہاڑوں کے تیئں یکجا پر جمے ہوئے ہیں اور وہ پہاڑوں ہر لحظہ گذرتے ہیں۔ مانند گذرنے ابر کے یعنے ایک پہاڑ فنا ہوتا ہے۔ پھر معاً ویسا ہی پہاڑ دوسرا اسکی جاے پر قائم ہوتا ہے اس طرح سے یک فنا ہوا دوسرا قایم ہوا قیامت تک کروڑوں فنا ہوتے جن کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ بدستور ہر ہر شئے فنا ہوتی ہے۔ کیا پہاڑ، کیا دانہ، رائی ذرہ ذرہ ریزہ ریزہ سب کو ہر ہر آن میں فنا ہے جس آن میں کہ فنا ہوا اسی آن میں پھر بقا پاتا ہے

در تجدد خلق کا آن عدم	اور آن بود یک ہے دو نہیں

سبب اس فنا بقا کا یہ ہے کہ قاعدہ کل ہے کہ ہر شئے اپنی اصل طرف رجوع کرتی ہے۔ کل شئی یرجع الی اصلہ پس ہر دو عالم یعنے حق کے سوائے جو چیز کے ہے اس کا اصل نیستی اور نابودی ہے اپنے اصل طرف جو نیستی ہے۔ رجوع کرتا ہے دونوں جہاں جس آن میں کہ فنا ہوا۔ اسی آن میں پھر حق کی طرف سے بق چاہتا ہے۔ یعنے جس آن میں کہ دونوں جہاں اپنی اصل کے طرف رجوع کر کر فنا ہوتا ہے اسی آن میں حق سبحانہ اپنی اصل کی طرف جو وجود ہے۔ رجوع کر کر پھر دونوں جہاں کو زندہ کر دیتا ہے کیونکہ اصل ذات حق کا وجود ہے۔ وجود کا معنی آپ اپنی ذات سے ہے اور نین سو چیز کو ہے۔ بنائی والا مگر یہ فنا بقا بسبب سرعت فعل الٰہی کے معلوم نہیں ہوتی ہے قیام عالم کا ایک ہی وطیرہ پر معلوم ہوتا ہے۔ اور دوسرا سبب اس فنا بقا کا یہ ہے کہ حق تعالےٰ کے نام دو ہیں، یک محیِ دوسرا ممیت، ایک جمیل دوسرا جلیل ایک رحیم

دوسرا قہار ؔ یک باطن دوسرا ظاہر ایسے بہت نام ہیں۔ اللہ تعالےٰ کے ناموں میں تعطیل کسی وقت جائز نہیں ہے۔ تعطیل کے معنی بیکاری تقاضا اسم المحی اور الظاہر کا یہی ہے کہ ہمیشہ وجود بخشی کرنا اور نین سو چیز کو ظہور میں لے آنا اور زندہ کردینا اور ظلمت نیستی کو جمال ہستی بخشنا اور تقاصنا اسم الممیت اور الباطن اور القہار کہ یہ ہے کہ ہمیشہ غیر کو اپنے یعنے دونو عالم کو فنا کر دینا اور نین سو چیز کو ہے نہ ہونے دینا اور عالم جیساکہ پہلی تاریکی عدم میں تھی ویسا ہی پھر اندھیرے میں نیستی اور نابودی کے کردینا یہ دونوں اسم ہمیشہ برسرکار ہیں یعنے ایک اسم ہمیشہ عالم کو فنا کرتا ہے۔ دوسرا بقا و حیات بخشتا ہے مگر یہ فنا بقا معلوم نہیں ہوتی۔ مثلت مثلاً جب پانی بہتا ہوا ہے تو یہی معلوم ہوتا ہے۔ کہ ایک نہر ہے جو شب و روز بہتی چلی جاتی ہے مگر خوب غور اور تامل سے لحاظ کرو تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر لہر تازہ اور نوی ہے کیونکہ ایک لہر گزرتی دوسری لہر تازی آتی ہے پھر وہ لہر کا پانی گزرتا تیسری لہر آتی ہے تیسرے لہر گزر کرتی چوتھی پانچویں چھٹی لاانتہا گزرتی چلی جاتی ہے مگر ہر ہر پانی کا تازہ بہ تازہ نو بنو ہے کیونکہ ایک پانی آگے بڑھتا ہے دوسرا پانی اسکی جگہ پر بھرتا آتا ہے۔ وہ پانی آگے بڑھتا پھر تازہ پانی اسکی جائے پر آتا ہے اسی صورت سے ہر ہر پانی۔ جلوہ تازہ رکھتا ہے جو پانی کے گزرا سو پھر نہیں آتا دوسرا تازہ بہ تازہ ہی صبح سے شام تک شام سے صبح تک لیکن جس آن میں کہ وہ پانی فنا ہوا یعنے گزرا اسی آن میں پھر وہاں پانی تازہ آتا ہے مگر بسبب جلدی روانگی کے یہ پانی کا جانا اور آنا معلوم نہیں ہوتا۔ لیکن نہر میں ہر آن پانی تازہ بہ تازہ تو بنو ہے بدستور یہ نہر قیام عالم کا جاری ہے ہر لحظہ یک عالم فنا ہوتا ہے پھر ویسا ہی عالم اسکی جگہ پر قایم ہوتا ہے۔ لیکن بسبب سرعت فعل الٰہی کے یہ جینا مرنا معلوم نہیں ہوتا۔ تمشیل دوسرے یک ہنرمند اور کاسب ایک لکڑی کو دو مشعل باندھ کر پھر آتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ایک حلقہ اور ایک گردش ہے۔ لیکن غور اور تامل سے دیکھو تو ہر ہر حلقہ اسکا تازہ بہ تازہ نو بنو ہے مگر بسبب کسب اور ہنر کاسب کے جو فعل اس کا ہے معلوم ہوتا ہے۔

ابیات حاشیہ۔

آب دوجوئے دید میباید کہ یکے رفت دیگرے آید

می رود آب اول و سابق می شود آب دیگرش لاحق

بر ویک نقطاء آتش بگرداں کہ تا پیدا شود اسرا پنہاں

کہ ایک حلقہ ہے اسی طرح سے حق سبحانہ تعالےٰ جو فاعل حقیقی ہے اسی کی فعل کی جلدی کے سبب سے جس کو وجود بخشی کہتے ہیں معلوم نہیں ہوتا جو یک حلقہ عالم کا فنا ہوا دوسرا حلقہ عالم کا پھر تازہ بہ تازہ نو بنو ہے بلکہ یک عالم ایک ہی وطیرہ پر معلوم ہوتا ہے۔ سوال۔ جس وقت ایک آن میں یہ عالم فنا ہوا اور اسی کے سریکا دوسرا جہاں بعینہ اسی آن میں پیدا ہوا تو مثلث۔ مثلاً ایک شخص نے قرض لیا یا نکاح کیا یا قتل کیا یا خرید و فرخت کیا جس آن میں کہ قتل کیا یا قرض دیا اسی آن میں وہ مارنے والا اور قرض لینے والا اور دینے والا فنا ہوگئے۔ دوسرے آن میں دوسرا شخص مانند اسی کے نوا پیدا ہوا تو جو قتل کیا سو وہ نہ رہا۔ پس بدلہ خون کا کس سے لینا اور قرض کس سے لینا لینے والا اور دینے والا دونو فنا ہوگئے دوسرے آن میں پھر دونو شخص نوے ہوئے۔ نکاح جو کیا سو وہ تو موا دوسرے کے ساتھ وہ نکاح کیونکر درست ہوئیگا۔ جواب اس کا یہ ہے۔ تجد امثال کے مسئلہ میں حقیقت کو تبدل نہیں تجلّی کو تکرار نہیں یعنے اس فنا و بقا کے درمیان حقیقت نہیں بدلتی کیونکہ فنا دو ہیں یک فنائے صوری دوسری فنائے معنوی فنائے صوری ظاہر کی موت کو کہتے ہیں جسمیں حقیقت بدل جاتی ہے اور فنائے معنوی باطن کی موت کو کہتے ہیں جسمیں حقیقت نہیں بدلتی یعنی جو ذات کہ ہے سو قایم ہے مگر لباس اس کے بدلتے جاتے ہیں۔ فنا اور بقا دو لباس ہیں۔ یعنی ذات آدمی کی بلکہ ہر شئے کی بلکہ دونو جہاں کی۔ بس آن میں کہ رجوع فنا طرف کی اسی آن میں پھر حق سبحانہ ایسے کچھ جلدی سے بقا عطا فرماتا ہے کہ فنا۔ معلوم نہیں ہوتی اور حقیقت بدلتی نہیں۔

دمبدم گر شود لباس بدل شخص صاحب لباس راچہ خلل

یہ فنا بقا ظہور اور وجود اور تجلی اور استنار کی روٗسے ہے نہ از روئے حقیقت کی تجلّی کو اس کے تکرار نہیں کیا۔ معنی کہ حق سبحانہ تعالےٰ کی ذات پہلے غیب میں تھی جیسے کہ تجلی کرتی جاتی ہے ہر ہر تجلیؔ اور ظہور اس کا تازہ بہ تازہ نو بہ نو ہے۔ جو تجلی کہ کیا پھر وہی تجلی دوبارہ نہیں ہوتی ہر تجلّی تازہ ہے مگر نو پیدا ہونا مانندوں کا ہے۔ یعنے جس جہاں کی صورت سے کہ تجلیٔ ہوئی پھر مثال اسی جہاں کی تجلیؔ ہوتی جاتی ہے اور ہر تجلیؔ تازہ ہے اگرچہ شباہت میں مانند تجلیؔ اول کے ہوئے کیا مضائقہ۔

میرود ہر دم جہانی در فنا در ہماں دم دیگر آید جائے او

کلّ یَومٍ ھُوَ فِی شان ہر روز ایک شن اس کی تازہ ہے ہر روز وہ بیچ ایک ایک شان کے ہے ہر

شب اور ہر روز ایک ایک تجلی اس کی ہے بلکہ ہر ہر آن ایک ایک تجلی اور ایک ایک شان اس کی ہے ۔ جس وقت کہ حقیقت کو تبدل نہ ہووے اور تجلی کو تکرار نہ ہوے پس قصاص اور نکاح اور بیع اور شراب کیونکر صحیح نہ ہووے اور جس کا معاملہ اسکے ساتھ کیوں ثابت نہ ہوگا اتنے مسایل بوجھنا ضرور بضرور ہے اس کو ظاہر معرفت کہتے ہیں اگر ان مسایل کو خوب چھان بہ چھان کرنا چاہیں تو زبان سے مرشد کی سنے تا تحقیق اور یقین ہوئے ۔

باطن معرفت ذکر سری وہ ہے جو سالک صفات کو اپنے اور صفات کو تمام مخلوقات کے صفات اللہ کی جانے اور دیکھے اور یقین کرے بغیر شک اور گمان کے اور آن بان بیچ اس شغل کے مشغول رہے اور یہ ابتدا ذکر سری کا ہے ۔ پس سالک راہ معرزت کے ساتھ ذکر سری کی طے کر کر منزل لاہوت کو پہونچے ۔
مصراع لاہوت میں سب اپنی تقیئد سے ہو بیروں

اور انتہا ذکر سری کا یہ ہے کہ صفتاں سالک کے مطلق ۔ ہو جاویں یعنے بے قید اب جو اسم ناسوتی میں ہر ہر صفت کو قید ہے یہ قید بالکل اٹھ جاوے ایسا جو سالک آنکھ سے دیکھے اور کان سے سنے اور ناک سے سونگھے اور زبان سے چاکھے اور ہاتھ سے لمس کرے علی ہذا القیاس ہریک صفت میں تمام صفتاں بالفعل ظاہر ہوویں اگرچہ بالقوہ سب میں پائے جاتے ہیں بلکہ سالک چشم مخلوقات سے دیکھے اور کانوں سے مخلوقات کی سُنے اور اُن کی ناک سے سونگھے اور اُن کی زبان سے چاکھے اور اُن کے بدن سے لگے اس مرتبہ کو قرب نوافل اور منزل لاہوت اور راہ ۔ وحدت اور قلب عالی اور نور اور عارف الوجود اور مانند اسکی کہتے ہیں یہ مرتبہ غنائے صفات عبد و بقا بصفات حق دو قسم پر ہے علمی اور حالی ۔ علمی ظاہر معرفت کو کہتے ہیں اور حالی باطن معرفت کا ہے ۔ پنجم راہ وحدت سالک راہ وحدت کے ساتھ ذکر خفی کو طے کر کر مقام قرب کو پہونچے اور سلوک اپنا تمام کرے ۔ ذکر خفی وہ ہے جو سالک ذات کے تیئس اپنے اور ذاتاں کی تیئس تمام مخلوقات کے ذات حق کی جانے اور دیکھے اور یقین کرے بغیر شک وشبہ کے اور یہاں مراد ذات سے ہستی سالک کی ہے نہ عدم اس کا خوب تامل اور اندیشہ کے ساتھ ملاحظہ اور مطالعہ کراں باتوں کو واللہ یھدی من یشاء الی سوا السبیل (اور اللہ ہدایت کرتا ہے اس شخص کو جو چاہتا ہے طرف راہ راست کے اور یہ مرتبہ فنائے ذات عبد اور بقا بذات حق کا ہے ۔ یہ فنا بقائے ذاتی بھی دو قسم ہیں علمی اور حالی ۔ علمی ظاہر راہ وحدت ہے اور حالی باطن اس کا ہے الحاصل جب ذات سالک کی بالفعل مطلق ہوگی اور جو کچھ بیچ اس

کے از روئے قبض وقوت کے مندرج تھا مرتبہ بسط اور فعل کو پہونچا یعنے جو اطلاق کہ بالقوہ تھا بالفعل حاصل ہوا سلوک اسکا تمام ہوا ۔ اور مقام کن فیکون کا جو اس کے اوپر دوسرا کوئی مرتبہ نہیں ہے حاصل ہوا ۔ سلوک اس کا تمام ہوا اور مقام کن فیکون کا جو اس کے اوپر دوسرا کوئی مرتبہ نہیں ہے حاصل ہوا اور ہمیشہ اسی مقام میں رہتا ہے اس مرتبہ کے تیئس مقام ۔ قرب اور مقام کن فیکون حالی اور روح قدسی اور قرب فرایض اور احدیت اور واحد الوجود اور سوائے اسکے ناماں ہیں اور نشان اس مقام کو پہونچیگا

مضمون حاشیہ :- اے پرچہ کہ وارد شود از واردات آنرا بطون گرود و بیرون نیارد و قبض کند سالک سیر ذات گرد این صفت در پروانہ است و نہ در مرغ و مرغ عاشق ظہور است و پروانہ عاشق بطورن ازین سبب یابائے عاشقان شیخ مطلح الدین سعدی شیرازی قدس سرہ می فرمایدے

اے مرغ سحر عشق ز پروانہ بیاموز	کان سوختہ را جان شد و آواز نیامد
کیں مدعیاں در طلبش بیخبر انند	کانرا کہ خبر شد خبرش باز نیامد شد

اے مرغ سحر اشارت بر آن عارف است کہ قلبش بسیط اختیار کردہ است این اول سیر سالک است و پروانہ اشارت سالک کامل قابض است کے این انتہائے مقام عارف است یعنے تو بر صفت پروانہ باش نہ بر صفت مرغ یعنے عارف کامل شو نہ عارف ناقص ۱۲ (مفتاح الحقایق) کشادگی قلب کہ آنرا سیر الی اللہ گویند در ظہورات سیر کردن دران ذات از صورت ظہور و صفات خود را اظاہر کند در آن وقت سالک عارف را حالی پدید آید یعنے طال لسائی اختیار کند و ہرچہ در دل آید از اسرار و انوار بر زبان آرد و آنرا اخفا نکند این مانع سلوک است بلکہ سالک را لازم است آنرا اخفا سازد تا بمنزل مقصود برو ۱۱۲ (مفتاح الحقایق)

ختم شد مضمون حاشیہ وہ ہے جو منتہی اس مقام کا جو کچھ کہ کرے کر سکے اور جو کچھ چاہے سو ہووے

مقام قرب منزل بے نشان ہے	بجز کون و مکان دوسرا جہاں ہے
قدوسی حق کے جب یہاں نپچے سالک	ہو ہریک چیز کا مولا و مالک

کیونکہ اس مقام میں اس وقت بندہ خدا کے مرتبہ کو پہونچکر بندۂ خدا نما ہوا جیساکہ حق سبحانہ بعد تنزل معنوی کی مراتبہ عبد کے تیئس پہونچکر خدائے بندہ نما ہوا لاکن کبھو کسی وقت میں ذات خدا کی ذات بندہ کی نہ ہوئی

اور ذات بندہ کی ذات خدا کی ہونا ممکن نہیں کیونکہ قلب حقایق یعنی بدلنا ذاتوں کا لازم آتا ہے

نہ ممکن کو ز حد خویش بگذشت
نہ او واجب شد و نے ممکن او گشت

جیساکہ ریاز محمود کے مرتبہ کو پہنچے سے ذات ایاز کی ذات محمود کی نہ ہوئی مگر کمال تازہ ہر دو کو حاصل ہوا۔ اس کمال سے عوام کو آگاہ ہی کہاں ہے۔ جوکہ خواص ہیں خوب جانتے ہیں کہ اس عروج اور نزول میں کئی فواید حکمت اور مصلحت ہیں، جیساکہ بادشاہ محمود کو ہمیشہ تخت پر بیٹھنے سے عادت تخت نشینی کی ہوگئی تھی۔

ہے صوفیہ کا یاد رکھ قاعدہ کلیہ
خلق نہ ہوجائے حق عبد نہ ہوجائے رب

کہ کچھ قدر و منزلت شاہی کا نظر میں نہیں تھا کیونکہ بغایت سے ہوش کے تا عمر یک رابطہ ہوگیا تھا۔ اور لذت لینے سے منصب غلامی کے بھی دور اور مغرور تھا اور ایاز کو ہمیشہ حظ مرتبہ غلامی کا حاصل تھا۔ اور جز منصب شاہاں کے کچھ نہیں رکھتا تھا کیونکہ بادشاہ اور غلام آپس میں غیریت حقیقی رکھتے ہیں۔ حقیقت شاہ کی حقیقت غلام کی کیونکر ہوویگی جب ایاز نے فرمانبرداری شاہ کی مبر تبۂ اتم کیا غلامی سے درگزرا اور محبوب شاہ کا ہوا جس وقت محبوب اور معشوق شہ کا ہوا۔ بادشاہ نے سب باتوں سے اس کو سر فراز فرمایا۔ لاکن ایک مرتبہ سر فرازی کا باقی رہ گیا تھا۔ وہ کیا جو لذت اپنے شاہی کا اسکو چکاوے اور حقیقت سے شاہی کے آگاہ کرے اور آپ باوجود کمال منصب شاہی کے کمال بمرتبۂ غلامی کا بھی حاصل کرے کیونکہ بادشاہ کو لذت اور کیفیت اور حقیقت غلامی کی باوجود۔ منصب شاہی کے حاصل اور معلوم نہیں ہوتی لحاظ کرتے اس بات کی جو طرفین میں موجب زیادتی کمال کا ہے۔ بادشاہ محمود نے ایک روز۔

ایک روز بلندی سے تخت کے اتر کر مقام پر ایاز کے آن کر بیٹھا اور ریاز کو حکم فرمایا کہ جاکر تخت پر بیٹھ جا بموجب حکم کے ایاز تخت نشین ہوگیا۔ اور محمود شاہ نے ہاتھ باندھ کر آداب گاہ پر کھڑا رہا اور آداب شاہانہ اور جوکہ رسمان غلامی کے تھے بجالایا اور باقی اُمَرَا اور وزاراء کو حکم کردیا کہ آداب اور نذر و نیاز ہوجاوے حسب الحکم وزیروں نے عمل کیا بعدہ بر خاست ہوئی۔ دربار موقوف ہوا ہر ہر شخص اپنے اپنے مکانوں کو تشریف لے گئے۔ بعضوں نے کہا کہ شاہ دیوانہ ہوگیا۔ بعضوں نہ کہا کہ اب حوصلہ شاہی کا شاہ میں نہ رہا۔ بعضوں نے کہا کہ عروج طالع کا ہوچکا وقت نزول کا آیا مگر بعض مقربوں نے ہمت جرأت کر کے

حضور میں شاہ کے عرض کیا۔ جہاں پرور جو فعل کہ خلاف معمول حضور سے کل کے روز ظہور میں آیا سب حیرت میں ہیں۔ کہ اسمیں کیا فیہ تھی تب شاہ نے تبسّم کر کر فرمایا کہ اے عزیز و اسمیں عجب نکتہ ہے۔ تم کچھ نہ سمجھے ہم کو مرتبۂ شاہی تو حاصل تھا مگر قدر مرتبۂ شاہی کی۔ نہیں تھی اور غلامی کس کو کہتے ہیں اور اس کی حقیقت کیا ہے کچھ معلوم نہ تھا۔ اس فعل میں جو کل ہم سے وقوع میں آیا یہی حکمت تھی کہ ہم کو باوجود کمال شاہی کے حقیقت سے غلامی کے آگاہ ہی ہوگئی حاصل کرنا دو کمال کا نُورٌ علی نور ہیں اور ایاز کو جو معشوق ہمارا ہے باوجود کمال غلامی کے قدر و منزلت اور حظ تخت نشینی کا معلوم ہوا اور اس میں ہر ہر کمال زیب اور زینت تازہ لیا کیونکہ جب منصب غلامی پر ہم آئے تب ہم کو خوب معلوم ہوا (اور اس میں ہر ہر کمال زیب) کہ شاہی یہ شان و شوکت رکھتی ہے اور غلامی یہ عاجزی اور پستی اور ایاز جب مرتبۂ شاہی کو پہونچا خوب سمجھا کہ غلامی اسکو کہتے ہیں اور شاہی کا درجہ یہ ہے سوائے اسکے ظہور حق بصورت ممکنات کے درمیانی کئی حکمت اور مصلحت اور فواید ہیں۔ بیان اس کا طول اور طویل ہوتا ہے کر کراتنے پر موقوف رکھا گیا القصہ علامت رسیدن مقام قرب علامت مقام قرب کو پہونچنے کی یہ ہے کہ خواہش اور غبت سالک کی اوپر ریاضت اور عبادت کے پہلے سے زیادہ ہوئی اور کمال متابعت شریعت محمدی کی اختیار کرے

جو مقرب خدا سے ہوویگا خواب غفلت میں وہ نہ سوویگا

النهاية هو الرجوع الى البداية انتہا مراتب یہ کہ سالک رجوع کریں۔ طرف ابتدا کے

فایدہ متفرق یہاں لکھی جاتی ہیں تا طالب کو راہ حق کے کام آوے۔ بوجہ تو جس وقت کہ ذات خدا یتعالیٰ کے وجود اور ہستی ہے نہ سوائے۔ اس کے پس ہستی کو بوجھنا اور جاننا ساتھ بصیرت کے یعنے بینائی دل سے اور دیکھنا ساتھ بصارت کے یعنے بینائی چشم سے یا دنیا میں جیسا پیغمبر ہمارے معراج کی رات کو دیکھے یا آخرت میں جائز ہے جیساکہ عقاید شرعیہ میں لکھا ہے وہو مرئی للمومنین یوم القیامہ یعنے وہ حق سبحانہ دیکھا جاویگا بیچ روز قیامت کے مومناں کی تیئں پس دیدار مراد ہے۔ دیکھنے سے بندہ کے خاص حق کے تیئں اور بتلانے سے حق کے بندہ کے تیئں اپنے یہ دیکھنا دکھانا مجہول الکیف ہے سوائے تنزل کے مرتبۂ غیب ہویت سے نہیں ہوتا ہے۔ اور اس مرتبہ میں کوئی ولی اور نبی بلکہ پیغمبر علیہ السلام ہمارے بھی نہیں دیکھے اور دیکھینگے کیونکہ یہ مرتبہ دیکھنے سے منزہ ہے۔ رباعی

کیوں رخ تیرا بن نقاب کوئی دیکھ سکے   دیدار وہ بے حجاب کوئی دیکھ سکے
پیدا نہ ہو جب تک ابر کے پردہ سے   کیوں چشمۂ آفتاب کوئی دیکھ سکے

رباعی

گلرخ سے کہا میں اپنے اے غنچہ دہان   کیوں چھپتے ہو ہم سے ہر دم اے جان جہاں
ہنسکر لگا کہنے ہم تھے پردے میں عیاں   پردیس نکلتے ہی ہوئی سب سے نہاں

جام جہاں نما میں لکھتے ہیں کہ ترقی اور عروج اولیاء اور انبیا کا مرتبہ الوہیت یا واحدیت تک ہے جس کو حقیقت انسانی کہتے ہیں۔ نہ اوپر اسکے اور عروج ہماری پیغمبر مرتبہ وحدت تک ہے۔ نہ اوپر اسکے اگر کوئی کہے جو خواب میں یا بیداری میں صرف ذات کو حق کے دیکھا ہوں۔ نہ اوپر اسکے اور عروج ہماری پیغمبر مرتبۂ وحدت تک ہے نہ اوپر اسکے اگر کوئی کہے جو خواب میں یا بیداری میں صرف ذات کو حق کے دیکھا ہوں۔ مراد اس کی ذات ساتھ تجلی اور تنزل صوری کے ہے یعنی تمثل تشکل ساتھ صورت جسم کثیف کے یا لطیف کے جو چونی اور چگونگی ار و مقدار اور اندازہ اور سوائے اسکے رکھتا ہے یا ساتھ تجلی اور تنزل معنوی کے مراد تجلی اور تنزل معنوی سے اس جگہ تعین اول اور تعین ثانی اور ثالث اور رابع یعنے تیسرا اور چوتھا الی ماشاء اللہ ہے جو مراتب سے ظہور اور خود کے ہووئے یا تلبس اور تجلی روحانی جو بے چون ہے ہر چند کہ مراتب سے ظہور در خارج کے ہے۔ فایدہ۔ اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالے کتاب مرأت العارفین میں فرماتے ہیں کہ الم ذالک الکتاب لاریب فیہ کے معنی باطنی یہ ہے کہ الف لام اور میم یہ حروف مقطعات ہیں۔ الف سے اشارہ کیا گیا ہے۔ طرف ذات احدیت کے یعنے حق سبحانہ حیثیت سے جو وہ اول سب اشیاء کا ہے بیچ ازل آزال کے اور لام نے اشارہ کیا جاتا ہے طرف وجود کے ایسا وجود جو منبط ہوا ہے اوپر اعیان کے پس لام کیک قائمہ ہے۔ وہ قائمہ الف ہے اور اسکے تیئں ایک ذیل یعنے دامن ہے۔ وہ دامان نون ہے اور نون عبارت ہے دائرہ سے جہاں کے پس ملنا قائمہ کا ساتھ ذیل کے عطا کیا جانا اور فراخ ہونا اور محیط ہونا وجود کا اوپر دونو جہاں کے ہے۔ پس قائمہ سایہ اور ظل الف ذاتی کا ہے اور منبسط ہے اوپر جہاں کے اور میم اشارہ کیا جاتا ہے۔ ساتھ اس میم کے طرف کون جامع کے وہ جامع کون ہے انسان کامل ہے۔ انسان کامل کس کو کہتے ہیں حضرت رسالت پناہ کو جو نور حق کے ہیں اور نور ان کا ہر دو جہاں ہے

پس ایک ہے ایسی کتاب جو نہیں ہے شک بیچ اس کے۔ فرق الوہیت اور ربوبیت کا الوہیت خدائی اور ربوبیت پالنا، خدا ایک یعنی رب اور پروردگار ایک معنی اور لفظ اللہ خاص ہے سوادے حق کے دوسرے پر اطلاق اس کا نہیں ہوسکتا ہے اور رب عام ہے مثل رحیم کے جیساکہ کہتے ہیں رب المال اور رب البیت اور مانند اسکے اور اصطلاح میں اہل خود وغیرہ ہم کے اللہ ایک اسم ہے۔ خاص ذات حق کے تیئں جو جامع جمیع صفات اور اسماء اور افعال کا ہے پس حق کے تیئں باعتبار مرتبۂ الوہیت کے جو جامع جمیع اسماء وصفات کا ہے اسم جامع اللہ کہتے ہیں جیساکہ بیچ تعریف اسم جامع اللہ کہتے ہیں اور لکھتے ہیں اللہ وھو علم ذات الواجب الوجود المستجمع بجمیع صفات الکمال یعنے اللہ نام ایک ہی خاص ذات کا کہ خود بخود موجود ہے اور جامع جمیع صفات کمال کا ہے اور صوفیہ اپنے اصطلاح میں بھی ذات حق سبحانہ کے تیئں ساتھ صفات حقیقۂ محض اور صفات ذاتیہ اور صفات افعالیہ اور صفات انفعالیہ کے جو معلومات حق کے ہیں۔ تفصیلاً اور تمیزاً مرتبہ الوہیت کہتے ہیں۔ پس درمیان تعین اول اور معنی ثانی الوہیت کے چنداں فرق نہیں ہے۔ خاصہ مرتبۂ الوہیت چہتا ہے۔ عالم کے فنا کے تیئں بیچ عین بقا عالم کے اور بقاء عالم چہتا ہے بیچ عین فنائے عالم کے پس باعتبار تجلی الوہیت کے نہیں ہے۔ مگر حق اور صورت اس کی خلق اور نہیں ہے مگر خلق اور معنی اور باطن اس کا حق اور ربوبیت طلب کرتی ہے۔ بقائے عالم کو (ظہور) بنسبب ظہور اوصاف اور اسماء حق کے پس از روئے تجلی اور ظہور مرتبۂ ربوبیت کے بیچ خارج کے خلق ہے۔ ساتھ وجود خلق کے اور حق ہے ساتھ وجود حق کے۔ فایدہ اور صوفیہ علیہم۔ الرحمتہ والغفران فرماتے ہیں کہ صفات من وجہ غیر ذات ہیں اور من وجہ عین ذات از روئے ظہور اور وجود کے اور غیر ذات از روئے فہم اور عقل کے کیونکہ صفات کو میں ذات جاننے سے فقط نفی صفات لازم آتا ہے وہ موجب تعطیل کا ہے کیونکہ ذات اور صفات میں فرق سات طور سے ہے اول وہ جو تقدم ذات کو ہے اور تاخر صفات کو یعنے پہلے ذات بعدہ صفتاں لحاظ کیا جاتے ہیں نہ عکس اس کا اور یہ تقدم اور تاخر رتبہ کا ہے۔ نہ زمانے دوسرا ذات قایم بخود اور صفات قایم بذات یعنے (عبارت حاشیہ)

صفات افعالی جیساکہ خالقیت اور رازقیت اور احیاء اور امانت اور غفاریت اور ستاریت اور مانند انکے ۱۲ صفت انفعالی جیساکہ مخلوقیت مرزوقیت مغفوریت مرحومیت، مستوریت زندہ کیا جانا مردہ کیا جانا ۱۲ (ختم ہوا)

قیام صفات کا ذات سے ہے نہ عکس اس کا تیسرا صفات میں کثنی ہے یعنے مفہوم میں صفات کے نہ مفہوم میں ذات کے چوتھا ذات کو اینت ہے ۔ اور صفتوں کو نہیں یعنے ہر صفت اور اسم میں جو اَنَا یعنے مَیں مَیں ہوں کہتا ہے سو ذات ہے ۔ نہ صفت پانچواں ذات ہمیشہ یکساں ہے صفتاں کبھی مخفی کبھی ظاہر چھٹا ذات موجود جودی ہے اور صفات موجود ذہنی ساتواں ذات کے تیئں اجمال اور تفصیل نہیں ہے۔ اور صفات کے تیئں اجمال اور تفصیل ہے پس صفتاں نظر کرتے ان سات وجہ کے جو مذکور ہوئے غیر ذات کے ہیں اور اگر صفات کو غیر ذات کہینگے فقط تشریک ذات میں حق سبحانہ تعالےٰ کی لازم آتی ہے۔ نعوذ باللہ من ذالک الاعتقاد و تعالی عنہ التشریک والتعطیل یعنے برتر ہے اللہ تعالیٰ تعطیل اور شریک سے بلکہ اولی یہ بات ہے جو ذات اور صفتاں کے تیئں دو موجود کہے تو ساتھ یک وجود کے یعنے ذات خود بخود بوجود ہے اور صفات موجود بذات ۔ جیساکہ پاس حکیماں کے عرض اور محل دو موجود ہیں ساتھ ایک وجود محل کے اور اعیانِ ثابتہ جو ذاتاں ھمارے ہیں ۔

لا الٰہ کے پانچ سو ماٹی ، پانی ، آگ ، بارا ، ہوا ، الا اللہ کے پانچ سو نفس ، دل ، روح ، نور عشق یعنے ذات محمد کی مظہر حق کے وجود کا اور دل محمد کا مظہر حق کے علم کا اور روح محمد کا مظہر حق کے بصر کا اور نور محمد کا مظہر حق کے سمع کا اور عشق محمد کا مظہر حق کے ارادت کا ہے محمد رسول اللہ کے پانچ سو شہود سمع بصر علم کلام یعنے شہود محمد کا واسط پڑا ہے ۔ شہود حق کو اور سمع محمد کا واسط پڑا ہے ۔ ظہور نور حق کو اور قلب محمد کا واسط پڑا ہے ۔ ظہور علم حق کو اور روح محمد کا واسط ہے ۔ ظہور بصر حق کو اور نفس محمد کا واسط پڑا ہے ۔ ظہور کلام حق کو الحاصل محمد کی ذات و صفات کو واسط اور برزخ ۔ درمیان اپنے ذات کی اور تمام مخلوقات کے حق تعالےٰ اپنے فضل و کرم سے کیا ہے ۔ معلوم ہوا کہ جملہ جامعہ ہے محمد رسول اللہ کے پانچ سو نسبت ہر جملۂ نافیہ کی طرف جملہ مثبتہ کے یعنے نہیں کوئے معبود مگر اللہ تعالےٰ اور کوئے مشود مگر اللہ تعالےٰ اور نہیں کوئی موجود مگر اللہ تعالیٰ اور نہیں کوئی شہود مگر اللہ تعالےٰ باقی اثبات یہاں نسبت جملہ نافیہ کی طرف مثبتہ کے نہیں بلکہ نسبت اثبات کی اثبات کی طرف ہوئے ۱۲ مشہود علم و بصر و ارادت کلام یعنے ظہور آنحصرت واسط ظہور حق ہے ے

گر بذاتے تو کہ در ہر دل صداست — پس ترا تعظیم ہر یک مدعا است

گر بنود ے ذات حق اندر وجود — آب و گل را کے ملک گردو سجود

ثبوت سمع از عارف و بصر از ممتنع شہود و سمع و بصر علم کلام ۔ مراد سمع نور است ۔ شریعت راہ تن آمد بطاعت حقیقت راہ جان نرنہاں است طریقت راہ دل شد باقناعت دروں جان و بیروں زین جہاں است حال ۔ دریاب کہ حقیقت را نیز ظاہر و باطن بود ظاہر حقیقت مشاہدہ صورت پیر در حضور و تصوا آن در خیال ساعۃً فاعۃً و باطن حقیقت ذکر روح است راہ معرفت شناخت مسایل صوفیہ از حق و این شناخت مذکورہ را علم الیقین میگویند و این بجائے ظاہر معرفت باشد و باطن معرفت ذکر سری است بعد از ان مقام قرب کے از روئے نقل باشد یا از روئے فرض و این تعلق بصفت دارد و آن تعلق بذات ۔

رباعی جامی رحمۃ اللہ علیہ ے

ہمسایہ و ہمنشین و ہمراہ ہمہ اوست — در دلق گدا و اطلس شاہ ہمہ اوست

در انجمن فرق و نہاں خانہ جمع — باللہ ہمہ اوست ثم باللہ ہمہ اوست

مقام قاب قوسین قرب نوافل ، قرب فرایض یعنے مرتبۂ وحدت ۱۲ در ینجا رویت مطلق یعنے رایت ربی بربی ۔ نفس امارہ علاقہاز واجب الوجود میدارد ، نفس لوامہ علاقہ از ممکن الوجود میدارد نفس ملہمہ علاقہ از متمنع الوجود میدارد نفس مطمئنۂ علاقہ از عارف الوجود میدارد نفس امارہ بہ سوئے منہات کنندہ ۔ نفس لوامہ از منہیات ملامت کنندہ ۔ نفس ملہمہ بہ سوئے خیر الہام دہندہ نفس مطمئنہ بہ سوئے اطمینان آرندہ (امارہ تا ناسوت) لوامہ تا ملکوت) ملہمہ تا جبروت) مطمئنہ تا لاہوت) ۔ ۲ سات قابلیتاں اور لوازم اور توابع اپنی بیچ مرتبۂ غیب کی جو احدیت اور وحدت اور واحدیت ہے ۔ اگرچہ اعیان تغیر اور فنا اور زوال اور نقصان بالذات رکھتی ہیں لیکن نظر کرتی ہے ۔ عالِم کی جو ذات حق کی ہے اور معلومیت انکی مرتبۂ واحدیت میں جو ثابت ہے ۔ حق کتیئں انکو قدیم اور ازلی اور ازلی ربی جعل ۔ جاعل سمجھ نیں تو ذات حق کی محل حوادث ہونا لازم آویگا ولیکن سات نسبت وجود خارجی کے مجعول اور مخلوق اور حادث ہیں فایدہ بوجھ تو جو علماء ظاہر صفت معیت اور احاطت اور قرب اور اقربیت اور سریان اور ظہور اور فیض حق کے تیئں من حیث العلم والقدرہ کہتے ہیں ۔ اور صوفیہ من حیث الذات کیونکہ علم اور قدرت صفات ذاتی سے حق کے ہے ۔ کبھی ذات سے جدا نہیں ہیں وجود اور قیام ان کا ساتھ ذات کے ہے نہ ساتھ اپنے صفت اور صفت کے تیئں دو موجود یک وجود سے جانتے ہیں ۔ اور اہل نظر متکلمون سے بھی صفت موصوف کے تیئں دو موجود ویک وجود سے جانتے ہیں ۔ اور اہل نظر متکلمون سے بھی صفت موصوف کے تیئں دو موجود ویک

وجود ہے جاتے ہیں۔ اور بعضے صفات کو وجود زاید بر ذات جو کہتے ہیں، عقلاً اور اعتباراً ہے نہ حقیقتاً و نفس الامر میں بیچ ثبوت معیت حق کے از روئے علم اور قدرت کے ثبوت معیت کا از روئے ذات کے ہوتا ہے۔ فایدہ صفات ذاتی انکو کہتے ہیں جو ظہور ان کا موقوف اوپر ذات کے ہووئے اور صفات افعالی اور حقایق الہیٰ اور اسماء کلی الہیٰ اور مرتبہ وجوب اور مانند اسکے ان صفات کے تیئں کہتے ہیں کہ فعلی فعالی کی یعنے کنندگی اور تاثیر ان میں پائی جاوئے اور ظہور ان کا موقوف اوپر مظاہر اپنے ہووئے جیساکہ خالقیت اور رازقیت اور احیا اور امانت، غفاریت، ستاریت، قہاریت وغیرہ اور صفات انفعالی اور حقایق کیانی اور اسماء کلی کونی اور مرتبۂ امکانی اور اعیان ثابتہ اور صور علمیہ اور ماہیات ممکنات، ذوات مخلوقات کے تیئں کہتے ہیں۔ بیچ مرتبہ واحدیت کے اور نہیں شان انفعال اور اثر قبول کرنیکا رکھتی ہیں۔ جیساکہ صف معلومیت اور مقدوریت اور مخلوقیت اور مرزوقیت اور معفوریت اور مستوریت اور مقہوریت اور مرنا اور زندہ ہونا وغیر ذلک اور انکو شیونات ذاتی کہتے۔ عالم غیب میں اور جام جہاں نما میں صفات افعالی اور اسماء حقایق الہیٰ کے تیئں کلیۃ اور اجمال کی رو سے بیس پر آٹھ اقرار دئے ہیں۔ اگرچہ مراتب تفصیل کی اور کثرت ان کے لاتحد و بیشمار ہیں وہی ہزار اور وہ یہ ہیں۔ الرفیع الجامع الطیف القوی المذل الرزاق العزیز الممیت المحی القابض المتین المحصی المصور النور القاہر العلیم الرب المقتدر الغنی الشکور المحیط الحکیم الظاہر الباطن الاخر الباعث البدیع اور صف انفعالی اور اسماء اور حقایق کے تیئں جو اعیان ثابتہ ہیں از روئے مظہریت اسماء کلی الہیٰ کی اعتبار کرتے کلیت اور اجمال کے بھی بیس پر آٹھ مقرر کئے ہیں۔ اگرچہ مراتب اسکے کثرت اور تفصیل کے باہر ہیں۔ بے شمار اور انحصار سے وہ یہ ہے عقل کل نفس کل طبعیت کل جوہر کل جوہر ہیا شکل کل جسم کل عرش کل۔ کرسی فلک بروج فلک، منازل فلک زحل مشتری فلک مریخ فلک شمس فلک زہرہ فلک عطارد و فلک قمر کرۂ آتش کرۂ ہوا کرۂ آب کرۂ خاک مرتبہ جماد و مرتبہ نبات، مرتبہ حیوان، مرتبہ ملک، مرتبۂ جن مرتبۂ انسان، مرتبہ انسان کامل، بیت احد میم احمد میں ظاہر ہوا جو اول تھا وہ عین آخر ہوا جہاں سارا اس میم میں غرق ہے۔ احد اور احمد میں یہ فرق ہے۔ یعنے احد اسم ذات ہے اعتبار کرتے متقی ہونی گنتی ناموں سے اور صفتوں کی اور نسبتوں کی اور یقینونکی بیچ میم احد کے جو تعین محمدی ہے اور تعین اول اور عقل کلی اور علم الہیٰ بھی اسکو کہتے ہیں۔ ظاہر ہوا کیونکہ امتیاز احمد کا احد سے ساتھ میم کے ہے اور مظہر حقیقی احد کا حقیقت احمد کے ہے یا میم احمد اشارہ ہے دایرۂ سے موجودات کے جو مظہر حقیقت محمدی کے ہیں۔ اول جو عقل کل ہے عین آخر کا جو انسان

ہے ہوا یعنے حقیقت عقل کل کی۔ صورت سے انسان کامل کے تمام ہوئی اور مظہر اور ظاہر یک ہوا اور نقطۂ آخر ساتھ اول کے متصل ہوا اور کمال تمام بیچ پیدائش انسان کامل کے ظاہر ہوا۔

تمت تمام شدہ

Printed by

Royapettah Stationery and Printing and Allied Products Producers Indl. - Co.op Society Ltd.

26, Koya Arunagiri First Street Royapettah

Madras - 600 014. ☎ : 84 56 70

rinted by
Royapettah Stationery and Printing and Allied Products
Producers Indl. - Co.op Society Ltd.
26, Koya Arunagiri First Street Royapettah
Madras - 600 014. ☎ : 84 56 70